## TERMS AND CONDITIONS GOVERNING THE ACCOUNT

In these Terms and Conditions the expression "Bank" shall mean Sindh Bank Limited, "Account" means a Rupee or a Foreign Currency Account maintained by a customer with Sindh Bank Limited. All references that refer to singular shall be deemed to include plural. "Account Holder" means a person(s) who maintain(s) one or more accounts with the Bank. "Person" shall mean an Individual, a firm or a corporate body. The relationship between the Bank and the Account Holder shall be governed by laws of Pakistan, inclusive of any rules and regulations, circulars, directives, notifications, instructions etc. issued by any regulatory authority including the State Bank of Pakistan as well as these Terms and Conditions. All Accounts are opened and maintained by the Bank under these Terms and Conditions and all account holders hereby to be governed by them.

## شرائط وضوابط برائے اکاؤنٹ

ان شرائط وضوابط میں لفظ "بینک" کا مطلب سندھ بینک لمیٹڈ، "اکاؤنٹ" کا مطلب کسٹمر کی جانب سے سندھ بینک میں پاکستانی روپے یا غیر ملکی کرنسی میں برقرار رکھا جانے والا اکاؤنٹ ہے۔تمام حوالہ جات جس میں واحد کا صیغہ استعمال کیا جاتا ہے، اس میں جمع کے صیغے کو بھی شامل تصور کیا جائے گا۔"اکاؤنٹ ہولڈر" سے مراد وہ شخص ہے جو بینک کے پاس ایک یا زائد اکاؤنٹس کا حامل ہے۔ "شخص" سے مراد، ایک فرد، فرم یا کارپوریٹ ادارہ ہے۔بینک اور اکاؤنٹ ہولڈر کے درمیان تعلق کی نگرانی پاکستان کے قوانین کے مطابق کی جائے گی، جس میں کسی بھی مجاز ریگولیٹری اتھارٹی بشمول اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی طرف سے جاری کردہ تمام قواعد وضوابط، مراسلہ جات، ہدایات، اطلاعات، رہنمائی وغیرہ شامل ہیں۔بینک کی جانب سے تمام اکاؤنٹس شرائط وضوابط ہٰذا کے تحت کھولے اور چلائے جاتے ہیں اور تمام اکاؤنٹ ہولڈرز کی ان ہی ذریعے نگرانی کی جاتی ہے۔

## ACCOUNT

1. Not more than one Account of each category i.e. Foreign Currency, Current and PLS Savings may be opened in any one name, in one and the same branch except joint account with any other individual(s) and Account in the name of minor with any of the existing Account holder as the Guardian.

2. Opening of an account is subject to fulfillment of all requirements including required documents and complete information there under, as prescribed by the Bank. The Bank reserves its right to refuse to open an Account if the requirements laid out in the Prudential Regulations, other instructions issued by SBP from time to time and Bank's own policies are not met.

3. In the event, at any time, an Account is opened with incomplete/ invalid documents or information, the Bank may, at its sole discretion, restrict the operation of such Account till such time that all the required information and / or documentation is provided to the Bank.

4. Each Account will be allotted a distinctive number, which should be quoted in all correspondence with the Bank relating to the Account. The Bank also reserves the right to change the allotted Account numbers due to system migrations, etc.

5. In the event, at any time, an Account is opened with incomplete documents or information, the Bank may, at its sole discretion, restrict the operation of such Account till such time that all the required information and/or documentation is provided to the Bank.

6. The Account holder undertakes to provide all information and documents related to the Account and/or any other transactions with Bank as and when required by the Bank.

7. The Bank may, at any time, change the location of any of its branches by sending an individual intimation to every Account holder. However, such change will not be adversely affected if for any reason such intimation does not reach any Account holder for any reason whatsoever.

8. If Identity document (CNIC / SNIC / NICOP / POC / Passport etc.) of the applicant(s) or any other relevant document is found "defective or fake" by NADRA or any other Department during verification process by the Bank, the Bank can refuse to open the Account and/or can close already opened Account.

## اکاؤنٹ

1۔ ہر کیٹیگری یعنی غیر ملکی کرنسی، کرنٹ اور پی ایل ایس سیونگز میں سے کسی ایک نام پر، کسی ایک برانچ یا اسی برانچ میں ایک سے زیادہ اکاؤنٹ نہیں کھولے جاسکتے لیکن کسی دوسرے فرد کے ساتھ مشترکہ اکاؤنٹ اور نابالغ بچوں کے سرپرست کی حیثیت سے اکاؤنٹ کھلوائے جاسکتے ہیں۔

2۔ اکاؤنٹ کھولنے کا عمل، بینک کی جانب سے مجوزہ تمام مطلوبہ تقاضوں بشمول مطلوبہ دستاویزات اور اس کے تحت مکمل معلومات کی تکمیل سے مشروط ہے۔بینک، پروڈینشیل ریگولیشن، اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ دیگر ہدایات اور بینک کی اپنی پالیسی میں مذکورہ تقاضوں کی عدم تکمیل پر، اکاؤنٹ کھولنے سے انکار کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

3۔ غیر مستند دستاویزات یا معلومات کے ساتھ کھلے اکاؤنٹ کو بینک کسی بھی موقع پر اپنی صوابدید پر اس اکاؤنٹ میں لین دین پر پابندی عائد کرسکتا ہے تاوقتیکہ تمام مطلوبہ معلومات اور/ یا دستاویزات بینک کو فراہم نہ کردی جائیں۔

4۔ ہر اکاؤنٹ کو ایک علیحدہ نمبر تفویض کیا جائے گا، جسے اکاؤنٹ سے متعلق بینک کے ساتھ کی جانے والے والی تمام خط و کتابت/ مراسلہ جات میں درج کیا جائے۔بینک تفویض شدہ اکاؤنٹ نمبرز کو سسٹم کی منتقلی وغیرہ کی وجہ سے تبدیل کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

5۔ اگر کسی بھی موقع پر کسی بھی وقت نامکمل دستاویزات یا معلومات کے ساتھ اکاؤنٹ کھولا جاتا ہے تو ایسی صورت میں بینک اپنی ذاتی صوابدید پر اس وقت تک اس اکاؤنٹ کے عملی امور کی انجام دہی پر پابندی عائد کرسکتا ہے تاوقتیکہ تمام مطلوبہ معلومات اور/ یا دستاویزات بینک کو فراہم نہ کردی جائیں۔

6۔ اکاؤنٹ ہولڈر اقرار کرتا/ کرتی ہے/ کرتے ہیں کہ وہ اکاؤنٹ اور/ یا بینک کے ساتھ کئے جانے والے دیگر کسی لین دین سے متعلق تمام معلومات اور دستاویزات، جب کبھی بینک کو مطلوب ہو فراہم کرے گا/ گی/ کریں گے۔

7۔ بینک، ہر اکاؤنٹ ہولڈر کو انفرادی طور پر اطلاع ارسال کر کے کسی بھی وقت اپنی کسی بھی برانچ کا مقام تبدیل کرسکتا ہے۔ تاہم اکاؤنٹ ہولڈر کو کسی بھی وجہ سے اس قسم کی اطلاع نہیں پہنچنے کی صورت میں اس طرح کی تبدیلی منفی طور پر اثر انداز نہیں ہوگی۔

8۔ اگر بینک کی جانب سے تصدیق کے عمل کے دوران درخواست گزار کی شناختی دستاویزات (سی این آئی سی، ایس این آئی سی، این آئی سی او پی، پی او سی، پاسپورٹ وغیرہ) یا دیگر کوئی متعلقہ دستاویز نادرا یا دیگر کسی ڈپارٹمنٹ کی جانب سے ناقص یا جعلی پائی جاتی ہیں تو ایسی صورت میں بینک اکاؤنٹ کھولنے سے انکار کرسکتا ہے اور/ یا پہلے سے کھولے گئے اکاؤنٹ کو بند کرسکتا ہے۔

9. The Bank shall endeavor to preserve the secrecy of the Account holder, however, the Account holder acknowledges that the Bank is subject to the anti-money laundering laws and regulations of Pakistan implemented and enforced by State Bank of Pakistan (SBP) from time to time and the internal policy of the Bank. The Account holder agrees to provide any information requested by the Bank for the purpose of complying with any such laws, regulations and policy in respect of the Account and/or any transaction(s) carried out through the Account and/or any balances in the Account and/or any banking services availed from the Bank. Further, the Account holder authorizes the Bank to release such information to any authorized investigating Government Department / Agency in Pakistan as may be required under any applicable law.

9۔ بینک، اکاؤنٹ ہولڈر کی رازداری کو محفوظ رکھنے کی کوشش کرے گا تاہم، اکاؤنٹ ہولڈر اقرار کرتا ہے کہ بینک، رقم کی غیر قانونی ترسیل کے خلاف پاکستان میں لاگو اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے وقتاً فوقتاً نافذ کردہ قواعد وضوابط اور بینک کی اندرونی پالیسی سے مشروط ہے۔ اکاؤنٹ ہولڈر متفق ہے کہ وہ اکاؤنٹ اور/ یا اکاؤنٹ سے کئے جانے والے کسی بھی لین دین اور/ یا کاؤنٹ میں موجود کسی بھی بیلنس اور/ یا بینک سے لی گئی کسی بھی سروس کے حوالے سے، ان میں سے کسی بھی قوانین، قواعد اور پالیسی، بینک کی جانب سے درخواست کردہ کسی بھی قسم کی معلومات فراہم کرے گا۔ مزید برآں، اکاؤنٹ ہولڈر بینک کو اختیار دیتا ہے کہ وہ اس قسم کی معلومات پاکستان میں کسی بھی سرکاری تحقیقاتی ادارے/ ایجنسی کو لاگو قوانین کے تحت مطلوب ہونے پر فراہم کردے۔

10. In terms of instructions of State Bank of Pakistan's revised Anti Money Laundering, Government Accounts are not opened in personal names of Government official(s). Any such Account, which is to be operated by an officer of the Federal / Provincial / local Government in his / her official capacity, shall be opened only on production of special resolution/authority from the concerned Administrative Department duly endorsed by the Ministry of Finance or Finance Department of the concerned Federal / Provincial / Local Government.

10۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی غیر قانونی رقم کی ترسیل کے حوالے سے نظر ثانی شدہ ہدایات کے تحت، سرکاری اکاؤنٹس، سرکاری افسر/ افسران کے ذاتی نام پر نہیں کھولے جاتے ہیں۔ وفاقی، صوبائی، مقامی حکومت کے افسر کی جانب سے اس کی ذاتی سرکاری حیثیت کے ذریعے چلائے جانے والے ایسے کسی بھی اکاؤنٹ کو صرف اس وقت کھولا جائے گا جب وہ متعلقہ انتظامی شعبہ سے خصوصی قرارداد/ اجازت/ اختیار فراہم کرے گا اور وہ وزارتِ خزانہ ایا متعلقہ وفاقی، صوبائی یا مقامی شعبہ خزانہ سے باضابطہ طور پر تصدیق کیا گیا ہے۔

11. The contents of the authority letter, apart from other information/ instructions as deemed necessary by the concerned Government Office shall contain following mandatory information:

11۔ متعلقہ سرکاری دفتر کی جانب سے ضروری تصور کی جانے والی دیگر معلومات/ ہدایات کے علاوہ اتھارٹی لیٹر کا مسودہ مندرجہ ذیل ضروری معلومات پر مشتمل ہوگا:

a. The letter shall be issued by the competent administrative authority of the concerned Government Office intending to open the Account and shall be addressed to the Branch Manager of the concerned Branch of Sindh Bank Limited.

(a)۔ اکاؤنٹ کھولنے کے خواہشمند متعلقہ سرکاری دفتر کے مجاز انتظامی حکام کی جانب سے جاری کردہ مراسلہ، سندھ بینک لمیٹڈ کے متعلقہ برانچ منیجر کے نام مخاطب ہوگا۔

b. The letter shall contain request from the concerned Government Office for opening of Account with concerned branch of Sindh Bank Limited, while also mentioning the purpose of opening the Account.

(b)۔ مراسلہ، متعلقہ سرکاری دفتر کی جانب سے سندھ بینک لمیٹڈ کی متعلقہ برانچ کو اکاؤنٹ کھولنے کی درخواست پر مشتمل ہوگا جبکہ اس میں اکاؤنٹ کھولنے کا مقصد بھی بیان کیا جائے گا۔

c. The above said competent administrative authority shall authorize the official(s) of its office to open and operate the said official Account with Sindh Bank Limited while appending following details of the authorized official(s):

(c)۔ مذکورہ بالا مجاز انتظامی اتھارٹی، اپنے دفتر کے افسر/ افسران کو سندھ بینک لمیٹڈ میں اکاؤنٹ کھولنے اور چلانے کی اجازت دے گی۔ جبکہ مجاز افسر کی مندرجہ ذیل تفصیلات کو منسلک کی جائیں گی:

1. Name of the authorized official(s) as appearing in the original identity document.
2. Designation & Grade of the official(s).
3. Computerized National Identity Cards (CNIC) number of authorized officials.
4. Specimen Signature of authorized official(s).

(1)۔ اصل شناختی دستاویز میں ظاہر ہونے والا مجاز افسر کا نام
(2)۔ افسر/ افسران کا عہدہ اور گریڈ
(3)۔ مجاز افسر/ افسران کا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) نمبر
(4)۔ مجاز افسر/ افسران کے دستخط کا نمونہ

d. The letter shall be printed on issuing Authority's Letterhead and shall contain complete name, designation, CNIC No. and Official stamp beneath signature.

(d)۔ مراسلہ، مجاز اتھارٹی کے لیٹر ہیڈ پر طباعت شدہ ہوگا نیز وہ مکمل نام، عہدہ، سی این آئی سی نمبر اور دستخط کے نیچے مہر بھی اس میں لازماً شامل ہوں گے۔

e. The authority letter shall be duly endorsed by the Government office from the Ministry of Finance or concerned Finance Department of Provincial / local Government. The endorsement shall also be signed by the competent authority of Ministry of Finance or concerned Finance Department while appending name, designation, CNIC No. and official stamp with complete signature.

(e)۔ اجازت نامہ، وزارتِ خزانہ یا صوبائی/ مقامی حکومت کے متعلقہ شعبہ مالیات سے باضابطہ طور پر توثیق شدہ ہوگا۔ اس توثیق پر وزارتِ خزانہ یا متعلقہ فنانس ڈپارٹمنٹ کی جانب سے بااختیار حکام کے دستخط لازماً ہوں گے جبکہ مکمل دستخط کے ساتھ نام، عہدہ، سی این آئی سی نمبر اور سرکاری مہر بھی منسلک کی جائے گی۔

12. Bank shall open and maintain Accounts of autonomous bodies, incorporated under an act of Parliament or the Companies Act 2017, after obtaining the necessary approval / resolution from their respective board / governing bodies.

12۔ بینک، متعلقہ بورڈ/ گورننگ باڈیز کی جانب سے لازمی اجازت/ قرارداد کے حصول کے بعد ایکٹ آف پارلیمنٹ یا کمپنیز ایکٹ، 2017 کے تحت قائم شدہ خودمختار اداروں کا اکاؤنٹ کھولے اور برقرار رکھے گا۔

13. Bank shall open and maintain Accounts of autonomous bodies, constituted through a cabinet resolution / notification of Federal or Provincial Government, after obtaining a No Objection Certificate (NOC) issued by the Finance Division or relevant finance departments of the province, as the case may be.

14. The Bank reserves the right, in exceptional or unusual events, circumstances, transactions, development in relation to the customer or customer's Account at its sole discretion, with or without notice to the customer, to immediately block or suspend the operations of the Account till the resolution of the event or issue to the satisfaction of the Bank, without any liability being incurred by the Bank and for which the customer is deemed to have authorized the Bank accordingly.

FOREIGN ACCOUNT TAX COMPLIANCE ACT (FATCA):

13۔ بینک، کیبنٹ کی قرارداد/وفاقی یا صوبائی حکومت کے نوٹیفکیشن کے ذریعے قائم شدہ خودمختار اداروں کے اکاؤنٹس، فنانس ڈویژن یا صوبے کے متعلقہ فنانس ڈپارٹمنٹس (جیسی صورتحال ہو) کی جانب سے جاری کردہ عدم اعتراض کی سند (NOC) کے حصول کے بعد کھولے گا اور اس کے امور انجام دے گا۔

14۔ بینک غیر معمولی نوعیت کے واقعات، حالات، لین دین، کسٹمر یا کسٹمر کے اکاؤنٹ کے سلسلے میں ہونے والی پیش رفت پر، اکاؤنٹ کے امور کو اپنی ذاتی صوابدید پر، کسٹمر کو مطلع کر کے یا اطلاع دیئے بغیر، بینک کے اطمینان کے مطابق اس مسئلے کے حل تک، بینک کی جانب سے کسی بھی قسم کی ذمہ سے مبراء فوری طور بلاک یا معطل کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے، جس کے لیے کسٹمر، بینک کو بمطابق اجازت دیتا ہے۔

فارن اکاؤنٹ ٹیکس کمپلائنس ایکٹ (ایف اے ٹی سی اے)

## Individual

The Account holder agrees to provide true, accurate and complete information regarding FATCA. Subject to applicable local laws, Account holder thereby consents for Sindh Bank Limited or any of its affiliates, subsidiaries (including branches) (collectively "the Bank") to share his/her information with domestic or overseas regulators or tax authorities where necessary/applicable to establish his/her tax liability in any jurisdiction. Where required by domestic or overseas regulators or tax authorities, Account holder consents and agrees that the Bank may withhold from his/her account(s) such amounts as may be required according to applicable laws, regulations and directives. Account holder also agrees and undertakes to notify the Bank within 30 calendar days if there is a change in any information which he/she has provided to the Bank.

## انفرادی

اکاؤنٹ ہولڈر اقرار کرتا ہے کہ وہ ایف اے ٹی سی اے کے حوالے سے سچ پر مبنی، درست اور مکمل معلومات فراہم کرے گا۔ قابلِ اطلاق مقامی قوانین سے مشروط، اکاؤنٹ ہولڈر سندھ بینک لمیٹڈ یا اس سے منسلک اداروں، ذیلی اداروں (بشمول برانچز) (مجموعی طور "بینک") کو یہ اجازت دیتا ہے کہ وہ ان مقامی یا سمندر پار ریگولیٹرز یا ٹیکس حکام کو اس کی معلومات بہم فراہم کرے جہاں اس کے ٹیکس کے حوالے سے قانونی ذمہ داری کو طے کرنا ضروری ہو۔ اکاؤنٹ ہولڈر اس بات پر بھی متفق ہے اور اقرار کرتا ہے کہ بینک ان کے اکاؤنٹ سے ایسی رقوم جو لاگو قوانین، ضوابط اور احکامات کے مطابق درکار ہوسکتی ہیں، روک سکتا ہے، اکاؤنٹ ہولڈرز 30 یوم کے اندر اگر معلومات میں کوئی تبدیلی ہے، جو انہوں نے بینک کو فراہم کر رکھی ہے، بینک کو آگاہ کرنے کے لیے بھی اتفاق کرتا ہے اور حلف لیتا ہے۔

## MINIMUM BALANCE

1. Subject to the regulations of State Bank of Pakistan, customer shall maintain minimum credit balance in special deposit accounts (other than regular Savings Accounts) as may be prescribed by the Bank from time to time.

2. The Bank reserves the right to recover charges as per Bank's prevailing Schedule of Charges for not maintaining minimum balance requirement. However, this condition is not applicable to regular Savings Account or any other Account as specified by the State Bank of Pakistan.

## کم از کم بیلنس

1۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے قواعد سے مشروط، کسٹمر اسپیشل ڈپازٹ اکاؤنٹس (ریگولر سیونگز اکاؤنٹس کے علاوہ) میں وقتاً فوقتاً بینک کی جانب سے مجوزہ کم از کم کریڈٹ بیلنس کو برقرار رکھے گا۔

2۔ بینک، کم از کم مطلوبہ بیلنس برقرار نہ رکھنے پر، بینک کے موجودہ شیڈول آف چارجز کے مطابق، چارجز وصول کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ ہر چند یہ کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی وضاحت کے مطابق یہ شرط ریگولر سیونگز اکاؤنٹ یا دیگر اکاؤنٹ پر لاگو نہیں ہے۔

## CURRENT ACCOUNTS

1. A Current Account may be opened with an initial deposit as may be prescribed by the Bank.

2. No interest or profit shall be payable on Current Account.

3. Current Account shall not be overdrawn except by prior agreed arrangements with the Bank. In the event Bank permitting customer to overdraw the Account, the Bank shall charge markup / interest on overdrawn amount at its prevailing lending rate in accordance with current rules and regulations. Customer shall adjust / repay the over drawn amount together with mark-up / interest promptly.

4. Where overdraft or any other banking facility is being provided by the Bank in Account, credits received in the Account shall be applied first towards payment of markup/interest and charges, and then towards payment of principal amount of overdraft of any other Banking facility.

## کرنٹ اکاؤنٹس

1۔ کرنٹ اکاؤنٹ، بینک کی جانب سے تجویز کردہ ابتدائی ڈپازٹ سے کھولا جا سکتا ہے۔

2۔ کرنٹ اکاؤنٹ پر کوئی منافع قابل ادائیگی نہیں ہوگا۔

3۔ کرنٹ اکاؤنٹ، بینک کے ساتھ پیشگی متفقہ معاہدے کے علاوہ اوورڈران نہیں ہوگا۔ بینک کی جانب سے کسٹمر کو اوورڈرا کی اجازت دیئے جانے کی صورت میں، بینک موجودہ قواعد وضوابط کے مطابق اس کی جاری شرح پر اوورڈران کی رقم پر مارک اپ وصول کرے گا۔ کسٹمر فوری طور پر اوورڈران رقم کا مع مارک اپ فوری طور پر تصفیہ/واپس ادا کرے گا۔

4۔ اکاؤنٹ میں بینک کی جانب سے فراہم کی جانے والے اوورڈرافٹ یا دیگر کسی بینکنگ سہولت پر، اکاؤنٹ میں وصول ہونے والی رقم کو سب سے پہلے مارک اپ/منافع اور چارجز کی ادائیگی کے لیے استعمال کیا جائے گا اور بعد ازاں اسے دیگر کسی بینکنگ سہولت کی اوورڈرافٹ کی اصل رقم کی ادائیگی کے حوالے سے استعمال کیا جائے گا۔

5. Any overdraft facility approved by the Bank in Account may be disallowed / withdrawn / cancelled by the Bank if the Account in the opinion of the Bank is not satisfactorily maintained by the customer or customer fails to perform his / her obligations.

اگر بینک کی رائے میں اکاؤنٹ کوکسٹمر کی جانب سے تسلی بخش انداز میں نہیں چلایا گیا ہے یا کسٹمر اپنی ذمہ داریوں کی ادائیگی میں ناکام ہے تو ایسی صورت میں اکاؤنٹ میں بینک کی جانب سے منظور شدہ کسی بھی اوورڈرافٹ سہولت کو بینک کی جانب سے نامنظور/دستبردار/منسوخ کیا جاسکتا ہے۔

## PLS SAVINGS ACCOUNT | پی ایل ایس سیونگز اکاؤنٹ

1. The amount (s) deposited in a PLS Savings Account shall be on profit and loss sharing basis. The Bank's determination of profit or loss shall be final and binding on customer for all purposes.

1۔ پی ایل ایس سیونگز اکاؤنٹ میں جمع شدہ رقم، نفع ونقصان کی شراکت کی بنیاد پر ہوگی۔نفع یا نقصان کے حوالے سے بینک کا فیصلہ حتمی اور تمام مقاصد کے حوالے سے کسٹمر پر پابندی کا موجب ہوگا۔

2. Deposits received by the Bank in a PLS Savings Account will be used by the Bank in any manner the Bank considers appropriate.

2۔ پی ایل ایس سیونگز اکاؤنٹ میں بینک کو وصول شدہ رقوم (ڈپازٹس) کو بینک کی جانب سے موزوں تصور کئے جانے والے کسی بھی طریقے سے استعمال کیا جائے گا۔

3. Profit/Loss earned/incurred on PLS Savings Account will be debited / credited in Account as per determined frequency of the PLS Savings Account product.

3۔ پی ایل ایس سیونگز اکاؤنٹ پر حاصل شدہ نفع/نقصان کو پی ایل ایس سیونگز اکاؤنٹ پراڈکٹ کی متعین کردہ شرح کے مطابق ڈیبٹ/کریڈٹ کیا جائے گا۔

4. Profit and loss will be distributed on half yearly basis. In case of closing of an Account, Profit and Loss for any broken period will be paid through Payment Order in favor of the Account holder after the Bank declares the profit rates on half yearly basis. In case of premature encashment of term deposit, the profit will be paid through Payment Order in favour of the Account holder after the Bank declares the Profit rates on half yearly basis.

4۔ نفع ونقصان کو ششماہی بنیاد پر تقسیم کیا جائے گا۔اکاؤنٹ بند ہونے کی صورت میں، کسی بھی انقطاعی مدت کے حوالے سے نفع اور نقصان کی ادائیگی، بینک کی جانب سے ششماہی بنیاد پر شرح منافع کے اعلان کے بعد پے آرڈر کے ذریعے بحق اکاؤنٹ ہولڈر کی جائے گی۔ٹرم ڈپازٹ کی مدت سے قبل ادائیگی کی صورت میں، منافع کی ادائیگی، بینک کی جانب سے ششماہی بنیاد پر شرح منافع کے اعلان کے بعد پے آرڈر کے ذریعے بحق اکاؤنٹ ہولڈر کی جائے گی۔

5. ZAKAT whenever applicable, shall be deducted on valuation date from applicable Accounts having balances in excess of the exempted limit as declared for that particular Zakat year. Declaration on prescribed proforma for exemption of deduction of Zakat shall be registered with the Bank al least one month prior to the valuation date as per Zakat rules applicable from time to time. Zakat will be deducted as per Zakat and Ushr Ordinance 1980.

5۔ زکوٰۃ کے قابل اطلاق ہونے پر، زکوٰۃ کی کٹوتی، زکوٰۃ کے اس مخصوص سال کے حوالے سے اعلان کردہ استثنائی حد سے زائد بیلنس کے حامل قابل اطلاق اکاؤنٹس سے تخمینہ کی تاریخ پر کی جائے گی۔زکوٰۃ کی کٹوتی سے استثناء کے حوالے سے مجوزہ پرفارما پر تحریر کردہ اعلامیہ وقتاً فوقتاً زکوٰۃ کے حوالے سے لاگو قوانین کے مطابق تخمینہ کاری سے کم ازکم ایک ماہ قبل بینک کے پاس رجسٹرڈ کرانا ہوگا۔زکوٰۃ کی کٹوتی، زکوٰۃ وعشر آرڈیننس 1980 کے مطابق کی جائے گی۔

## FOREIGN CURRENCY ACCOUNTS | غیر ملکی/فارن کرنسی اکاؤنٹس

1. Foreign Currency Accounts are opened and maintained subject to local laws and regulations in force from time to time, including foreign exchange control regulations and directives of State Bank of Pakistan and Government of Pakistan.

1۔ فارن کرنسی اکاؤنٹس وقتاً فوقتاً عائد کردہ مقامی قوانین اور قواعد بشمول فارن ایکسچینج کنٹرول ریگولیشنز نیز اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور حکومات پاکستان کی ہدایات سے مشروط کھولے اور چلائے جائیں گے۔

2. The Bank shall accept Foreign Currency cash deposits in US Dollars, Pound Sterling, Japanese Yen and Euro and/or such other currency that the State Bank of Pakistan may allow. A deposit in foreign currency accepted by the Bank is subject to regulations of the State Bank of Pakistan in force from time to time.

2۔ بینک، امریکی ڈالرز، پاؤنڈ اسٹرلنگ، جاپانی ین اور یورو اور/یا اس جیسی دیگر کرنسی، جس کی اسٹیٹ بینک آف پاکستان اجازت دے، میں کیش ڈپازٹس قبول کرے گا۔بینک کی جانب سے فارن کرنسی میں منظور کیا جانے والا ڈپازٹ، اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے وقتاً فوقتاً عائد کردہ قواعد سے مشروط ہے۔

3. Proceeds of foreign currency cheque(s) deposited in the account, will be available for withdrawal from the Account only after the proceeds of the cheque(s) have been fully realized. In case the amount of cheques/instruments already realized and credited to the customer account is called back by the drawee Bank due to any reason, the same shall be debited to customer's account for refund to the drawee Bank. Further, the customer will have to refund the said amount along with charges, if any, if the proceeds withdrawn by him/her.

3۔ اکاؤنٹ میں جمع شدہ فارن کرنسی چیکس پر حاصل ہونے والی رقم، صرف چیک کے رقم کے مکمل طور پر اکاؤنٹ میں آنے کے بعد نکالنے کے لیے دستیاب ہوگی۔پہلے سے وصول شدہ اور کسٹمر کے اکاؤنٹس میں منتقل شدہ چیکس/انسٹرومنٹس کی رقم کو کسی بھی وجہ سے ادا کنندہ بینک کی جانب سے واپس لیا جاتا ہے تو اس رقم کو ادا کنندہ بینک کو واپس کرنے کے لیے کسٹمر کے اکاؤنٹ سے وصول کیا جائے گا۔مزید برآں، کسٹمر کی جانب سے رقم نکالے جانے کی صورت میں کسٹمر کو مذکورہ رقم چارجز (اگر کوئی ہو) کے ساتھ ادا کرنا ہوگی۔

4. Withdrawals from a Foreign Currency Account shall be subject to the availability of particular Foreign Currency with Bank and prevailing directives of State Bank of Pakistan and Government of Pakistan.

4۔ فارن کرنسی اکاؤنٹ سے نکالی جانے والی رقم، بینک میں اس مخصوص فارن کرنسی میں رقم کی دستیابی اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور حکومتِ پاکستان کی اس وقت موجود ہدایات سے مشروط ہوگی۔

5. The Account holder acknowledges that the rate of return on a Foreign Currency Savings Account is subject to fluctuation, as determined in accordance with State Bank of Pakistan's directives. Any funds or profit thereon, shall only be payable in the currency of the Account. The Bank shall have no responsibility for any diminution due to taxes or depreciation in the value of funds in the account whether due to devaluation or fluctuation in exchange rate.

5۔ اکاؤنٹ ہولڈر اس بات کا اقرار کرتا ہے کہ فارن کرنسی سیونگز اکاؤنٹ پر شرح منافع، اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی ہدایت کے مطابق متعین کردہ کمی بیشی سے مشروط ہے۔اس پر کسی بھی فنڈز اور منافع، اکاؤنٹ کی کرنسی میں قابل ادائیگی ہوگا۔بینک محصولات (ٹیکسز) کی وجہ سے کسی بھی تخفیف یا اکاؤنٹ میں موجود رقم کی قدر میں کمی کا ذمہ دار نہیں ہوگا، خواہ وہ روپے کی قدر میں کمی یا زرمبادلہ کی شرح میں کمی بیشی کی وجہ سے ہو۔

6. Each Foreign Currency transaction will be entered into by the Account holder with full awareness that Foreign Currency transactions could involve foreign exchange risks for which the Bank shall not be held responsible.

6۔ اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے فارن کرنسی میں کیا جانے والا ہر لین دین (ٹرانزیکشن) اس آگاہی کے ساتھ کیا جائے گا کہ فارن کرنسی میں کیا جانے والے لین دین (ٹرانزیکشن) میں زرمبادلہ کے حوالے سے درپیش نقصان کے خدشات شامل ہوسکتے ہیں، جس کا بینک ذمہ دار نہیں ہوگا۔

7. Profit / interest on Foreign Currency Savings Account will be paid as per determined frequency of Foreign Currency Account product. No profit will be payable on Foreign Currency Current Accounts.

7۔ فارن کرنسی سیونگز اکاؤنٹ پر ہونے والے منافع کی ادائیگی، فارن کرنسی اکاؤنٹ پراڈکٹ کے متعین کردہ تعدد کے مطابق کی جائے گی۔ فارن کرنسی کرنٹ اکاؤنٹس پر کوئی منافع قابل ادائیگی نہیں ہوگا۔

8. The Bank may decline to accept Foreign Currency notes for deposit in Foreign Currency Account due to any reason.

8۔ بینک، کسی بھی وجہ سے فارن کرنسی اکاؤنٹ میں ڈپازٹ کے حوالے سے فارن کرنسی نوٹس کو قبول کرنے سے انکار کرسکتا ہے۔

9. The Account holder acknowledges that the Bank shall not be liable for any currency exchange loss resulting from any transfer/movement of the balances from Foreign Currency to the Account holder's Account in other currency.

9۔ اکاؤنٹ ہولڈر اقرار کرتا ہے کہ بینک، فارن کرنسی سے اکاؤنٹ ہولڈر کے اکاؤنٹ میں دیگر کسی کرنسی میں رقم کی منتقلی کے نتیجے میں کرنسی کے کسی تبادلے کے حوالے سے ذمہ دار نہیں ہوگا۔

10. The Account holder should immediately advice the Bank whenever he / she leaves Pakistan with the intension of permanently residing abroad. On receipt of such information, the Account will be re-designated as non-resident account, and all deposits and withdrawals in the Account will be subject to rules prescribed by the State Bank of Pakistan for such non-resident Account.

10۔ اکاؤنٹ ہولڈر، بیرون ملک مستقل بنیاد پر باہر رہائش کا ارادہ رکھنے پر پاکستان چھوڑنے کی صورت میں فوری پر بینک کو مطلع کرے۔ اس قسم کی معلومات کی وصولی پر، اکاؤنٹ ہولڈر کو بطور غیر رہائشی پاکستانی اکاؤنٹ میں تبدیل کردیا جائے گا اور اکاؤنٹ میں کئے جانے والے تمام ڈپازٹس اور رقوم کا اخراج، اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے اس طرح کے غیر رہائشی اکاؤنٹ کے لیے مجوزہ قوانین سے مشروط ہوگا۔

11. The Foreign Exchange rules and regulations, as and when promulgated by SBP, regarding the operations in foreign currency Accounts shall be binding on all the concerned Account holders.

11۔ فارن کرنسی اکاؤنٹس میں امور کی انجام دہی کے حوالے سے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے نافذ کردہ فارن ایکسچینج قوانین اور قواعد تمام اکاؤنٹ ہولڈرز کے لیے پابندی کا موجب ہوں گے۔

## JOINT ACCOUNT | مشترکہ اکاؤنٹ

1. If the Account is opened in the name of two or more persons and one of them dies, balance to the credit thereof shall belong to the survivor(s) if operating instructions are "Either or Survivor", and surviving account holder(s) will continue to operate the account singly and withdraw credit balance available in the account.

1۔ اگر اکاؤنٹ دو یا زائد افراد کے نام کھولا گیا ہے اور ان میں سے ایک کی وفات ہوجاتی ہے تو ایسی صورت میں اس اکاؤنٹ میں موجود رقم، "دونوں یا حیات فرد" کی آپریٹنگ ہدایات پر حیات فرد/شخص کی ہوگی، نیز زندہ بچ جانے والا اکاؤنٹ ہولڈر اس اکاؤنٹ کو انفرادی طور پر جاری رکھے گا اور اکاؤنٹ میں موجود بیلنس کو نکالے گا۔

2. Where Joint Account is operated with single signature, Bank shall honor and pay to the debit of the Joint Account all cheques, drafts and orders signed by any one of the authorized signatories. If the Bank prior to acting on instructions received from one authorized signatory receives contradictory instructions from another signatory, the Bank may refuse to act on either of them and insist upon an instruction signed by all Joint Account holders.

2۔ ایک فرد کے دستخط کے ساتھ چلائے جانے والے مشترکہ اکاؤنٹ کی صورت میں بینک اس مشترکہ اکاؤنٹ کے کسی بھی ایک مجاز دستخط کنندہ کی جانب سے دستخط شدہ تمام چیکس، ڈرافٹس اور آرڈرز کو تسلیم اور اس کی مشترکہ اکاؤنٹ سے ادائیگی کرے گا۔ اگر بینک کسی ایک مجاز دستخط کنندہ کی جانب سے موصول شدہ ہدایات پر عمل کرنے سے قبل دوسرے دستخط کنندہ کی جانب سے اس کے برعکس ہدایات وصول کرتا ہے تو ایسی صورت میں بینک ان دونوں کو ان کی ہدایت پر عمل کرنے سے انکار کرسکتا ہے اور تمام مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈرز کے دستخط سے جاری کردہ ہدایات کا تقاضہ کرسکتا ہے۔

3. All Joint Account holders shall be jointly and severally liable for all liabilities incurred in the Joint Account.

3۔ تمام مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈرز انفرادی طور پر اور علیحدہ علیحدہ، مشترکہ اکاؤنٹ پر عائد کردہ تمام واجبات/فرائض کے ذمہ دار ہیں۔

## MINOR'S ACCOUNT | نابالغ کا اکاؤنٹ

In respect of an Account opened in the name of a Minor, the Bank shall be entitled to act on the instructions received from the guardian named on Account Opening Form, till the Minor attains 18 years of age.

نابالغ کے نام پر کھولے جانے والے اکاؤنٹ کے حوالے سے بینک، نابالغ کے 18 سال کی عمر تک پہنچنے تک، اکاؤنٹ کھولنے کے فارم پر درج شدہ سرپرست کے نام سے موصول شدہ ہدایات پر عمل کرنے کا اہل ہوگا۔

## BANK'S LIEN | بینک کا حق تصرف

The Bank shall have a lien on all funds, monies, securities and other properties of whatsoever nature belonging to the customer in possession of the Bank for repayment of any liability or indebtedness of the customer to the Bank.

بینک، کسٹمر سے متعلق بینک کے قبضے میں موجود تمام فنڈز، رقوم، سیکیورٹیز اور کسی بھی نوعیت کے دیگر اثاثہ جات پر کسٹمر کی جانب سے بینک کو واجب الادا کسی بھی واجبات یا قرض کی واپسی کے حوالے سے بینک اپنا حق تصرف رکھتا ہے۔

## BANK'S RIGHT TO CONSOLIDATE

The Bank shall have the right at any time to consolidate, combine and / or merge all or any accounts in the name of the customer, and to adjust or set-off any outstanding indebtedness or liabilities of the customer to the Bank whether primary or collateral, irrespective of the currency or currencies involved.

## بینک کا حقِ انضمام

بینک کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ کسی بھی وقت کسٹمر کے نام پر موجود تمام یا کسی بھی اکاؤنٹس کے انضمام، مشترک کرنے اور/یا تمام اکاؤنٹس کو یکجا کردے اور کسٹمر پر بینک کے کسی بھی واجب الادا قرض خواہ وہ بنیادی ہو یا ضمانتی کا، اس میں موجود کرنسی یا کرنسیز سے قطع نظر، تصفیہ کرلے یا اسے ایڈجسٹ کرلے۔

## CLOSING OF ACCOUNT

1. The Bank reserves the right to close the Account by giving 15 days notice. On closure of the Account, the customer shall return to the Bank unused cheque(s) duly cancelled by drawing two "Horizontal Lines", ATM Card(s) and any other Card (s) after cutting them in half.

2. Upon closure of Account, unused Cheques, Cards and Locker's key relating to the Account must be returned forthwith by the customer to the Bank. Alternatively, it must be confirmed to the satisfaction of the Bank by the customer in writing that all unused cheques have been destroyed.

3. The Bank in its sole discretion may also close those Accounts which show Nil balance for last six months or any Account which in its opinion is not satisfactorily operated, or for any other reason whatsoever, it shall not be incumbent on the Bank to disclose to the Account holder/depositor the reason for doing so.

## اکاؤنٹ کی بندش

1۔ بینک 15 دنوں کا نوٹس دے کر اکاؤنٹ کو بند کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ اکاؤنٹ کی بندش پر کسٹمر غیر استعمال شدہ چیکس جنہیں باضابطہ طور پر افقی لکیریں "لگا کر منسوخ کیا گیا ہو، اے ٹی ایم کارڈ (ز) اور دیگر کارڈ (ز) کو دو حصوں میں کاٹ کر بینک کو واپس کرے گا۔

2۔ اکاؤنٹ کی بندش پر کسٹمر کو اکاؤنٹ سے متعلق غیر استعمال شدہ چیکس، کارڈز اور لاکر کی چابی فوری طور پر بینک کا واپس کرنا ضروری ہے۔ متبادل کے طور پر کسٹمر کو بینک کے اطمینان کے مطابق لازمی طور پر یہ تحریری تصدیق کرنا ہوگی کہ اس نے تمام غیر استعمال چیکس کو ناکارہ/ناقابل استعمال بنادیا ہے۔

3۔ بینک اپنی ذاتی صوابدید پر ان کاؤنٹس کو بند بھی کرسکتا ہے جو گزشتہ چھ ماہ کی مدت سے کسی بھی بیلنس کے بغیر موجود ہوں یا کسی بھی ایسے اکاؤنٹ کو بھی بند کرسکتا ہے جو بینک کی دانست میں تسلی بخش انداز میں نہیں چلایا جارہا ہے یا دیگر کسی بھی وجہ سے نیز یہ کہ بینک اکاؤنٹ کی بندش کے حوالے سے اکاؤنٹ ہولڈر کو وجہ ظاہر کرنے کا پابند نہیں ہوگا۔

## STOP PAYMENT INSTRUCTIONS

The Bank may accept Stop Payment instructions from customer if a cheque is reported lost or stolen, provided necessary details of the lost Ustolen cheque are given by the customer and cheque is not already paid before receiving such instructions. Where the customer verbally gives stop payment instructions, he / she shall immediately send to the Bank written confirmation. The Customer agrees to fully indemnify the Bank against any loss, damages, claims, demands, costs and expenses (including) legal expenses) arising or incurred as a result of acting on customer's Stop Payment instructions.

## رقم کی ادائیگی روکنے کی ہدایات

بینک، چیک کے گم ہونے یا چوری ہونے کی اطلاع پر کسٹمر کی جانب سے گمشدہ/چوری شدہ چیک کی ضروری تفصیلات کی فراہمی اور ان ہدایات سے قبل چیک کی ادائیگی نہ ہونے کی صورت میں رقم کی ادائیگی روکنے کی ہدایات کو منظور کرسکتا ہے۔ کسٹمر کی جانب سے بینک کو رقم کی ادائیگی روکنے کی زبانی ہدایات دینے کی صورت میں، وہ فوری طور پر بینک کو تحریری طور پر اس کی تصدیق ارسال کرے گا/گی۔ کسٹمر اقرار کرتا ہے/کرتی ہے/کرتے ہیں کہ وہ کسٹمر کی جانب سے رقم کی ادائیگی روکنے کی ہدایات پر عمل کے نتیجے میں ہونے والے کسی بھی خسارے، نقصان، دعویٰ جات، مطالبات، لاگت اور اخراجات (بشمول قانونی اخراجات) کے حوالے سے بینک کو کلی طور پر مبراء کرتا/کرتی/کرتے ہیں۔

## DEPOSITS

1. Cash deposits in the Account should be accompanied with Bank's standard form for cash deposits showing correct title and account number to be credited. The depositor should satisfy himself / herself that details in the cash deposit slip are in order.

2. Proceeds of a cheque deposited in the Account for collection will be value dated after receipt of proceeds thereof.

3. The Bank may accept cheques, drafts and other instruments payable or endorsed to the Account holders for collection entirely at the Account holder's own risk. Un-cleared items though credited, shall not be drawn against, and if the same are allowed to be drawn against, the Bank shall have the right to debit the Account and recover from the Account holder the value of any such instrument in the event that the proceeds are not received against the same at any time.

4. While receiving cheques or other instruments for collection in the Account, the Bank shall act only as collecting agent of customer and assume no responsibility for realization of such cheques / instruments. The Bank may refuse to accept cheques/ instruments drawn in favor of a third party crossed "Account Payee" or "Non negotiable" or any other crossing restricting negotiation. Uncleared cheques / instruments, though credited, shall not be drawn against by the customer.

## ڈپازٹس

1۔ اکاؤنٹ میں جمع کرائی جانے والی نقد رقم، کیش ڈپازٹس کے حوالے سے بینک کے اسٹینڈرڈ فارم، جس پر کریڈٹ کئے جانے والے اکاؤنٹ کا ٹائٹل اور اکاؤنٹ نمبر موجود ہو، کے ساتھ منسلک کی جائے۔ جمع کنندہ کیش جمع کرنے کی رسید پر درج شدہ تمام تفصیلات کے باضابطہ اور درست ہونے کی ذاتی طور پر یہ تسلی کرے۔

2۔ چیک جمع کرانے کی صورت میں اکاؤنٹ میں جمع شدہ چیک کی رقم، اس کے اکاؤنٹ میں موصول ہونے کے بعد دستیاب ہوگی۔

3۔ بینک، اکاؤنٹ ہولڈرز کے حق میں تصدیق شدہ چیکس، ڈرافٹس اور دیگر انسٹرومنٹس بینک، اکاؤنٹ ہولڈر کی ذمہ داری پر جمع کرے گا۔ غیر واضح/مبہم آئیٹمز کے کریڈٹ ہونے کے باوجود نہیں نکالے جائیں گے اور اگر انہیں نکالنے کی اجازت دی جائے گی تو بینک کو اکاؤنٹ سے وہ رقم وصول کرنے نیز کسی بھی وقت اس کے حوالے سے رقوم وصول نہ ہونے کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر سے اس قسم کے انسٹرومنٹ کی مالیت کی وصولی کا حق حاصل ہوگا۔

4۔ بینک، اکاؤنٹ میں چیکس یا دیگر انسٹرومنٹس کی وصولی کے حوالے سے کسٹمر کے صرف ایک وصول کنندہ نمائندے کے طور پر کام کرے گا اور اس قسم کے چیکس/انسٹرومنٹس کی تکمیل یا ان سے رقم کی وصولی کی کوئی بھی ذمہ داری نہیں لے گا۔ بینک، تھرڈ پارٹی کراسڈ "اکاؤنٹ پے ای" یا" نان نیگوشیئیبل" یا دیگر کسی کراسنگ کی پابندی کے حق میں چیکس/انسٹرومنٹس کو قبول کرنے سے انکار کرسکتا ہے۔ غیر واضح/مبہم چیکس/انسٹرومنٹس، گرچہ وہ جمع شدہ ہوں، انہیں کسٹمر کی جانب سے نہیں نکالا جائے گا۔

5. Subject to the regulations of the State Bank of Pakistan, the Bank may prescribe initial deposit requirement for opening of PLS Savings Bank Accounts. No initial deposit would be required for opening of Accounts by i) Mustehqeen of Zakat ii) Students iii) Employees of Government or Semi Government institutions for salary and pension purpose (includingt windows/children of deceased employees eligible for family pension/benevolent fund grant etc.) and other similar type of Accounts.

5۔ بینک، پی ایل ایس سیونگز بینک اکاؤنٹس کھولنے کے لیے ابتدائی ڈپازٹ کے تقاضے تجویز کرسکتا ہے جو کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے قواعد کے سے مشروط ہے۔تنخواہ اور پینشن کے مقصد کے لیے (i) زکوٰۃ کے مستحقین (ii) طلباء (iii) سرکاری یا نیم سرکاری اداروں کے ملازمین (بشمول فیملی پینشن/بینیو ولینٹ فنڈ گرانٹ وغیرہ کے لیے اہل بیواؤں/بچوں اور اسی نوعیت کے دیگر اکاؤنٹس ) کی جانب سے کھولے جانے والے اکاؤنٹس کے حوالے سے کسی ابتدائی ڈپازٹ کی ضرورت نہیں ہوگی۔

6. All deposits in the Account should be accompanied by complete pay-in-slip clearly showing the Title, Number of the Account to be credited, Contact No. & Signature of Dopositor. The entry will be vertified by the signature of two authorized officers of the Bank under the stamp of the Bank on the customer copy of the pay-in-slip. The Account Holder should satisfy himself/herself before leaving the cash counter that the pay-in-slip customer copy is duly verified by two Bank officials.

6۔ اکاؤنٹ میں جمع کی جانے والی تمام رقوم ایک مکمل پے اِن سلپ جس میں اکاؤنٹ کا ٹائیٹل، اکاؤنٹ کا نمبر جس میں رقم جمع کی جانی ہے،فون نمبر اور جمع کنندہ کے دستخط کے واضح اظہار کے ساتھ منسلک کی جائے۔اس اندراج کی، کسٹمر کی پے اِن سلپ نقل پر بینک کی مہر کے ساتھ بینک کے دو افسران کے دستخط کے ذریعے توثیق کی جائے گی۔اکاؤنٹ ہولڈر، کو کیش کاؤنٹر کو چھوڑنے سے قبل ذاتی طور پر اطمینان حاصل کرنا چاہیئے کہ کسٹمر کی پے اِن سلپ کی نقل کی باضابطہ طور پر بینک کے دو افسران کی جانب سے تصدیق کی گئی ہو۔

7 The Bank may refuse to accept cheques/instruments drawn in favor of a third party crossed “Account Payee” or “Non-negotiable” or any other crossing restricting, negotiation. Un-cleared cheques/instruments, through credited, shall not be drawn against by the customer.

7۔ بینک، تیسرے فریق کے حق میں کراسڈ "اکاؤنٹ وصول کنندہ" یا "نان نیگوشی ایبل" یا دیگر کراسنگ پابندیوں کی نیگوسی ایشن میں نکالے جانے والے چیکس/دستاویزات کو قبول کرنے سے انکار کرسکتا ہے۔کریڈٹ کے ذریعے کلیئر نہ ہونے والے چیکس/انسٹرومنٹس کی مد میں کسٹمر کو ادائیگی نہیں ہوگی۔

8 The Bank shall have the right to debit the Account for the value of any cheque/ instrument, if previously credited, in the event of proceeds thereof are not received by the Bank or if proceeds received, the drawee Bank/correspondent Bank subsequently recovers the same from the Bank and returns cheque/instrument unpaid for any reason.

8۔ بینک کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ سابقہ کریڈٹ شدہ کسی بھی چیک/انسٹرومنٹ کی مالیت، بینک کو وصول نہ ہونے یا اس کے وصول ہونے اور بعد ازاں رقم منتقل کرنے والے بینک (ڈراوی بینک ) کی جانب سے، اکاؤنٹ ہولڈر کے بینک سے اس رقم کی وصولی اور چیک/انسٹرومنٹ کو کسی بھی وجہ سے غیر اداشدہ قرار دے کر واپس کئے جانے کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر کے اکاؤنٹ سے اسے وصول کرلے۔

9. The Bank utilizing services of another Bank or other Banks for the purpose of carrying out or giving effect to any instructions of customer do so for the account and at the sole risk of customer. The Bank assumes no liability or responsibility if transmission of such instructions is not carried out by such bank(s) for any reason whatsoever, even if the Bank has itself chosen such bank(s).

9۔ بینک کی جانب سے کسٹمر کی دی گئی کسی بھی ہدایات پر عمل یا اسے مؤثر بنانے کے مقصد کے لیے اکاؤنٹ کے حوالے سے دوسرے بینک یا دیگر بینکوں کی خدمات کا استعمال کلی طور پر کسٹمر کی ذاتی رسک پر ہوگا۔بینک اس قسم کی ہدایات کی کسی بھی وجہ سے اس بینک کی جانب سے ترسیل کی عدم انجام دہی کے حوالے سے کسی بھی قسم کی جواب دہی اور ذمہ داری قبول نہیں کرتا ہے،خواہ اس بینک کا انتخاب، بینک نے خود ہی کیوں نہ کیا ہو۔

10. The Bank shall have the right to reverse or recover any amounts transferred through erroneous transactions in any of the Accounts. from such Accounts, without prior notice/intimation to the customer. The customer shall be liable to make good any loss accrued to the Bank through withdrawal of amounts erroneously credited to their Accounts.

10۔ بینک کو کسٹمر کو پیشگی مطلع کئے بغیر کسی بھی اکاؤنٹس میں غلطی سے کی جانے والی ٹرانزیکشنز کی کسی بھی رقم کی واپسی یا وصول کرنے کا حق حاصل ہوگا۔کسٹمر، اپنے اکاؤنٹس میں غلطی سے کریڈٹ کی گئی رقوم کو نکالنے کی وجہ سے بینک کو ہونے والے کسی بھی خسارے کے تصفیہ کا ذمہ دار ہوگا۔

11. In case of delay or loss in collection of cheques the Bank will follow-up with the concerned for swift resolution.

11۔ تاخیر یا چیکس کی وصولی میں نقصان کی صورت میں، بینک متعلقین سے اس کے سہل اور آسان حل کے لیے رابطے میں رہے گا۔

## WITHDRAWALS

## رقم نکلوانا

1. Withdrawals from the Account shall be made by using cheque book / Debit Card supplied by the Bank at the request of customer.

1۔ اکاؤنٹ سے رقم نکالنے کا عمل کسٹمر کی جانب سے درخواست پر بینک کی جانب سے فراہم کردہ چیک بک/ڈیبٹ کارڈ کو استعمال کرتے ہوئے کیا جائے گا۔

2. Cheque(s) and other payment instructions should be signed as per specimen signature(s) provided to the Bank and any alterations, erasures or cancellations therein must be authenticated by the drawers full signature. While complying with any instructions of the Account holder/depositor, the Bank shall only rely on the signature as provided/inscribed by the Account holder/depositor on the Specimen Signature Card at the time of opening of the Bank Account.

2۔ چیک اور ادائیگیوں کے حوالے سے دیگر ہدایات، بینک کو فراہم کردہ نمونہ دستخط کے مطابق ہونا چاہیئے اور اس میں ہونے والی تبدیلی، غلطی اور منسوخی پر لازمی طور پر رقم نکالنے والے شخص (اکاؤنٹ ہولڈر) کے مکمل دستخط ہونے چاہیئے۔جبکہ اکاؤنٹ ہولڈر/جمع کنندہ کی کسی بھی ہدایات کی تعمیل کے حوالے سے بینک اکاؤنٹ ہولڈر/جمع کنندہ کی جانب سے، بینک اکاؤنٹ کھولے جانے کے وقت نمونہ دستخط کارڈ پر فراہم کردہ دستخط پر انحصار کرے گا۔

3. Post-dated/stale and defective cheques shall not be paid.

3۔ پوسٹ ڈیٹ (آگے کی تاریخ)/خستہ اور ناکارہ چیک کی ادائیگی نہیں کی جائے گی۔

4. The Bank reserves the right to refuse payment of any cheque drawn in contravention to the practice and law of banking or otherwise than in accordance with these Terms and Conditions.

4۔ بینک، بینکاری کے عمل اور قانون کی خلاف ورزی میں یا کسی اور طرح سے ان شرائط وضوابط کے مطابق نہ ہونے پر کسی بھی چیک کی ادائیگی کو مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

5. Payments involving large amounts of cash (in all currencies) will be made subject to availability of cash at the branch of the Bank or only after the Bank has made necessary arrangements for cash. The Bank may ask for reasonable time to make payments of such large amounts.

5۔ بڑی مقدار میں نقد رقوم کی ادائیگی (تمام کرنسیوں میں)، بینک کی برانچ میں نقد رقم کی دستیابی یا بینک کی جانب سے نقد رقم کے انتظام و انصرام کے لیے ضروری اقدامات کے بعد ادائیگی سے مشروط ہوگی۔ بینک اس طرح کی بڑی رقم کی ادائیگیوں کے لیے موزوں وقت طلب کرسکتا ہے۔

6. The Bank may accept stop payment instruction from the customer if a cheque is reported lost or stolen, provided the necessary details of the lost/stolen cheque are given by the customer to the Bank and the cheque is not already paid before receiving such instructions. Where the customer verbally gives the stop payment instruction, he/she shall immediately send to the Bank written confirmation.The customer agrees to fully indemnify the Bank against any loss, damages, claims, demands, costs and expenses (including legal expenses) arising or incurred as a result of acting on the customer's stop payment instructions.

6۔ چیک کے گم ہونے یا چوری ہونے کی اطلاع دیئے جانے اور کسٹمر کی جانب سے بینک کو گمشدہ یا چوری شدہ چیک کی ضروری تفصیلات فراہم کئے جانے اور چیک کی ان ہدایات کی وصولی سے قبل پہلے سے ادائیگی نہ ہونے پر پر بینک، کسٹمر کی جانب سے ادائیگی روکنے کی ہدایات کو قبول کرسکتا ہے۔ کسٹمر کی جانب سے ادائیگی روکنے کی زبانی طور پر دی جانے والی ہدایت کی صورت میں وہ فوری طور پر بینک کو اس کی تحریری تصدیق ارسال کرے گا۔ کسٹمر اقرار کرتا ہے کہ وہ بینک کو کسٹمر کی جانب سے دی جانے والی رقم روکنے (اسٹاپ پیمنٹ) کی ہدایات پر عمل درآمد کے نتیجے میں ہونے والے کسی بھی نقصان، خسارے، دعویٰ جات، ڈیمانڈز، لاگت اور اخراجات (بشمول قانونی اخراجات) کے حوالے سے کسٹمر مکمل طور پر بینک کو معاوضہ دینے پر راضی ہے۔

## CHEQUE BOOK | چیک بک

1. The customer shall ensure safe keeping of cheque book and not allow access to the cheque book to any unauthorized person. In case of loss or theft of cheque book or any cheque leaf, customer shall promptly notify the numbers of such lost cheques to the concerned Bank Branch so that no payment is released against lost cheques, if not already paid. The Bank will not be liable for any loss or damage, if reported after payment of lost / misused cheques.

1۔ کسٹمر، چیک بک کو محفوظ رکھنے کے عمل کو یقینی بنائے گا اور کسی بھی غیر مجاز شخص کو چیک بک تک رسائی کی اجازت نہیں دے گا۔ چیک بک یا چیک لیف کی گمشدگی یا چوری کی صورت میں، کسٹمر متعلقہ بینک برانچ کو اس گمشدہ چیکس کے نمبر کی فوری اطلاع دے گا تا کہ اس گمشدہ چیک کے حوالے سے کسی قسم کی ادئیگی نہ کی جائے، اگر اس کی ادائیگی پہلے نہیں کی گئی ہے۔ گمشدہ/غلط استعمال شدہ چیکس کی ادائیگی کے بعد اس چیک کی بینک کو اطلاع دیئے جانے کی صورت میں، بینک اس کے کسی بھی نقصان یا خسارے کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

2. Customer shall exercise due care when drawing cheques and agree that cheques will not be drawn in a manner which may enable a cheque to be altered in a manner which is not readily detectable.

2۔ کسٹمر چیکس کو نکالتے وقت باضابطہ طور پر احتیاط کرے گا اور اس کا اقرار کرتا ہے کہ چیکس کو اس طرز پر ڈرا نہیں کیا جائے گا، جو چیک کو اس انداز میں تغیر کے قابل بنادے جو آسانی سے قابل شناخت نہ ہو۔

3. The Bank shall have the right to destroy personalized cheque books, if not collected by the Account holder or Account holder's authorized representative within two months (60 days) of the request having been made by the Account holder for cheque book. However, charges of cheque book issuance shall be debited to the concerned Account as per prevailing Schedule of Charges.

3۔ بینک کو یہ حق حاصل ہوگا کہ چیک بک کو جسے اکاؤنٹ ہولڈر یا ان کے کسی نمائندے کی جانب سے چیک بک کے لیے درخواست دو مہینوں (60 ایام) کے اندر وصول نہیں کیا گیا ہے، ضائع کردے۔ چیک بک کے اجراء کے چارجز متعلقہ اکاؤنٹ سے منہا کرلیے جائیں گے۔

4. The Account holder will keep cheque book provided by the Bank safely and securely at all times.

4۔ اکاؤنٹ ہولڈر، بینک کی جانب سے فراہم کردہ چیک بک کو ہمہ وقت حفاظت کے ساتھ رکھے گا۔

5. Cheque Book must always be kept at a secure place, under proper lock & key. The Bank will observe due diligence in good faith in the event a customer reports loss of any cheque or cheque book. However, Bank will not be responsible for any loss to the customer, if customer has failed to take proper care of his/her cheque book.

5۔ چیک بک کو ہمیشہ موزوں لاک اور چابی کے ساتھ محفوظ جگہ پر رکھا جائے گا۔ بینک، کسی بھی چیک یا چیک بک کے حوالے سے کسٹمر کی جانب سے گمشدگی کی اطلاع ملنے پر باضابطہ طور پر مستعدی سے کارروائی کرے گا۔ تاہم بینک، کسٹمر کی جانب سے اپنی چیک بک کی حفاظت نہ کئے جانے پر بینک کسٹمر کو ہونے والے کسی بھی خسارے/نقصان کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

## CHARGES AND EXPENSES | چارجز اور اخراجات

1. The Account shall be subject to applicable charges as per the Bank's Schedule of Charges revised from time to time.

1۔ اکاؤنٹ بینک کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ شیڈول آف چارجز کے مطابق لاگو چارجز سے مشروط ہوگا۔

2. The Bank shall always be entitled for debiting the Account without notice to the Account holder for Zakat deduction (if applicable), withholding tax, stamp duty, excise duty, other levies of government departments and service charges etc. as per schedule of Bank charges.

2۔ بینک، اکاؤنٹ ہولڈر کے اکاؤنٹ سے بغیر کسی اطلاع کے شیڈول آف بینک چارجز کے مطابق زکوٰۃ (اگر لاگو ہو)، ود ہولڈنگ ٹیکس، اسٹامپ ڈیوٹی، ایکسائز ڈیوٹی، سرکاری شعبہ جات کے دیگر محصولات اور سروس چارجز وغیرہ کے حوالے سے کٹوتی کا ہمیشہ اہل ہوگا۔

3. The Bank is authorized to reverse any credit entries made in error and in case of withdrawal of such credit amount by the Account holder, the same shall be returned to the Bank forth with by the Account holder. The Bank is also entitled to reverse debit entries made in error.

3۔ بینک غلطی سے کریڈٹ ہونے والی کسی بھی انٹری کو واپس لینے کا مجاز ہے اور اس کریڈٹ کی گئی رقم کو اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے نکالے جانے کی صورت میں، اس رقم کو اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے فوری طور پر واپس کیا جائے گا۔ بینک غلطی سے کی جانے والی ڈیبٹ انٹریز کو بھی واپس کرنے کا بھی اہل ہے۔

4. The Bank may, without any further authorization from customer, recover by debiting the account all charges, fees, commission, expenses actually incurred or recoverable in connection with opening, operating and maintaining account in accordance with Bank's Schedule of Charges. The Bank may also without any further authorization from the customer recover mark-up/interest as per agreed terms.

4۔ بینک، کسٹمر سے مزید کسی اجازت کے بغیر، کسٹمر کے اکاؤنٹ سے شیڈول آف چارجز کے مطابق تمام وصولیابیاں، فیس، کمیشن، اکاؤنٹ کھولنے، آپریٹ کرنے اور اسے برقرار رکھنے کے حوالے سے قابل وصولی یا اصل میں اس پر آنے والے اخراجات کو وصول کرسکتا ہے۔ بینک، کسٹمر سے مزید کسی اجازت کے بغیر طے شدہ شرائط کے مطابق مارک اپ / منافع بھی وصول کرسکتا ہے۔

5. All applicable Government taxes and levies shall be recovered from the customer as per laws and related directives/circulars etc. in force for the time being.

5۔ کسٹمر سے اس وقت لاگو قوانین اور متعلقہ ہدایات / مراسلات وغیرہ کے مطابق سرکاری ٹیکسز اور محصولات وصول کئے جائیں گے۔

6. No service charges will be recovered by the Bank in respect of regular Savings Accounts unless permitted by the State Bank of Pakistan.

6۔ ریگولر سیونگز اکاؤنٹس کے حوالے سے بینک کی جانب سے کوئی سروس چارجز وصول نہیں کئے جائیں گے تاوقتیکہ اس کے حوالے سے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے اجازت نہ دے دی جائے۔

7. The Bank shall also have a right to debit any one or more Account(s) of the Account holder(s)/customer(s) maintained with the Bank to adjust any and all of the outstanding liabilities of the Account holder(s), customer(s) towards the Bank or any government authority, if so required/directed, from time to time.

7۔ بینک کو یہ بھی اختیار حاصل ہوگا کہ وہ بینک میں موجود اکاؤنٹ ہولڈر / کسٹمر کے ایک یا ایک سے زائد اکاؤنٹس کو اکاؤنٹ ہولڈر، کسٹمر کے بینک یا دیگر کسی سرکاری حکام کی جانب سے مطلوب / ہدایت کردہ بقایا واجبات کو وقتاً فوقتاً وصول کرنے کا حق حاصل ہوگا۔

8 Withdrawals from Bank's own ATMs is allowed free of charge. However, in case of withdrawal from the Account through ATMs of other Banks. the respective Bank may recover charges for applicable transactions.

8۔ بینک کے اپنے ATM سے رقوم کی وصولی بلا معاوضہ ہے۔ تاہم دیگر بینکوں کے ATMs کے ذریعے اکاؤنٹ سے نکالی جانے والی رقوم کی صورت میں، بینک کی گئی ٹرانزیکشنز کے حوالے سے لاگو چارجز کو وصول کرسکتا ہے۔

## INDEMNITY OR LIABILITY | ضمانت / ذمہ داری

The Bank shall endeavor to provide error-free operation of the Account and services to the customer. However, notwithstanding the same customer agrees that the Bank or any of its employees and or agent shall not be liable for any loss, damages and liabilities incurred, suffered, sustained or required to be paid arising due to:

بینک کسٹمر کو اکاؤنٹ کے حوالے سے غلطی سے مبرا خدمات کی فراہمی کے لیے کوشش کرے گا۔ تاہم، اس کے باوجود کسٹمر اقرار کرتا ہے کہ وہ بینک یا اس کی کسی بھی ملازمین اور یا نمائندے کو درج ذیل وجوہات کی وجہ سے ہونے والے کسی بھی نقصان، خسارے اور واجبات کا ذمہ دار نہیں ٹھہرائے گا:

i. Bank acting upon the customer's verbal instructions for stop payment which customer failed to confirm subsequently in writing or any other instructions.

(i)۔ بینک، کسٹمر کی جانب سے ادائیگی کو روکنے (اسٹاپ پیمنٹ) یا کسی بھی دیگر ہدایات کے حوالے سے دی جانے والی زبانی ہداہات کے تسلسل میں تحریری تصدیق کرنے میں ناکامی کی صورت میں۔

ii. Any action taken by the Bank relying upon instructions of customer which later on turn out to be duplicate or erroneous.

(ii)۔ کسٹمر کی جانب سے دی جانے والی ہدایات پر انحصار کرتے ہوئے بینک کے کسی بھی عمل جو بعد میں ڈپلیکیٹ یا خلل پر مبنی ظاہر ہو۔

iii. For any instruction not complied with due to reasons beyond the control of Bank or due to disruption or failure in any communication or electronic transmission facility and customer, agrees to indemnify the Bank for any loss actually suffered or expenses actually incurred by the Bank for the same.

(iii)۔ باضابطہ طور پر کسی وجہ سے یا کسی بھی مواصلاتی یا الیکٹرانک ٹرانسمیشن کی سہولت میں خلل یا خرابی کی وجہ سے بینک کے کنٹرول سے باہر کسی ہدایت پر عمل نہ کرنے کے حوالے سے کسٹمر اقرار کرتا ہے کہ وہ اس حوالے سے بینک کی جانب سے برداشت کئے جانے والے کسی بھی اصل نقصان یا اصل اخراجات کی ادائیگی کرے گا۔

## CUSTOMER'S COVENANTS, WARRANTS AND REPRESENTABLE | کسٹمر کے معاہدہ جات، ضمانتیں اور نمائندگیاں

1. Customer shall be bound by any/all instructions issued by the customer or purporting on their face to have been issued by the customer and accepted by the Bank.

1۔ کسٹمر، ہدایات کے درست اور مکمل ہونے کو یقینی بنانے کے حوالے سے کلی طور پر ذمہ دار ہوگا۔ بینک، کسی بھی کسٹمر کی جانب سے دی جانے والی ہدایات کے نامکمل، بے ربط اور غلط ہونے کی صورت میں ذمہ دار نہیں ہوگا۔

2. Customer shall at all times maintain clear and sufficient funds in the Account in order for the Bank to put into effect the instructions or effect transfer or withdrawal of funds. Instructions shall be deemed irrevocable and binding on the customer upon transmission by the customer to the Bank.

2۔ کسٹمر، اکاؤنٹ میں ہمہ وقت موزوں فنڈز کے برقرار ہونے کو یقینی بنائے گا تاکہ بینک کسٹمر کی جانب سے رقوم کی منتقلی یا رقم نکالنے کے حوالے سے دی جانے والی ہدایات پر عمل درآمد کرسکے۔ ہدایات ناقابلِ تنسیخ ہوں گی اور کسٹمر کی جانب سے بینک کو منتقلی کی صورت میں کسٹمر پر پابندی کا موجب ہوں گی۔

3. Customer shall be solely responsible for ensuring accuracy and completeness of instructions. The Bank shall not be responsible for the consequences of any customer instructions being incomplete, garbled or inaccurate.

3۔ کسٹمر، ہدایات کے درست اور مکمل ہونے کو یقینی بنانے کے حوالے سے کلی طور پر ذمہ دار ہوگا۔ بینک، کسی بھی کسٹمر کی جانب سے دی جانے والی ہدایات کے نامکمل، غیر منطقی اور غلط ہونے کی صورت میں ذمہ دار نہیں ہوگا۔

## STANDING INSTRUCTIONS

1. The Account holder shall maintain sufficient balance in the Account(s) to enable the Bank to meet any "Standing Instructions" as may be given to the Bank by the Account holder from time to time.
2. The Bank reserves the right, on the date of affecting such Standing Instructions as may be given to the Bank by the Account holder from time to time, to determine the priority of such Standing Instructions against cheques presented for collection to the Bank, or any other existing arrangement made with the Bank.
3. In case the Account has insufficient funds to meet Standing Instructions as may be given to the Bank by the Account holder from time to time, such Standing Instructions so passed shall be treated as null and void.
4. Standing Instructions that may be given to the Bank from time to time shall remain in effect notwithstanding the death or bankruptcy of the Account holder, until notice of such death or bankruptcy is given to the Bank, in a manner acceptable to the Bank. Amendments to such Standing Instructions as may be given to the Bank from time to time by the Account holder must reach the Bank at least one week before the next successive payment is due.
5. The Bank shall levy a charge as per Schedule of Bank Charges for affecting any amendments to the Standing Instructions given by the Account holder to the Bank from time to time, as well as for each new Standing Instructions. The Bank may also levy as per schedule of Bank charges, a charge for each Standing Instructions not affected by the Bank due to insufficient funds in the Account of the Account holder.
6. The charges levied in respect of Standing Instructions shall be additional to any cost, incidental postage and or stamp duty which may be paid by the Bank with respect to each Standing Instructions payment effected by the Bank.
7. The customer agrees to fully indemnify the Bank against any loss, damages, claims, demands, costs and expenses (including legal expenses) arising or incurred as a result of acting on the customer's standing instructions.

## امتناعی ہدایات

1۔ اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے وقتاً فوقتاً بینک کو دی جانے والے امتناعی ہدایت پر بینک کی جانب سے عمل درآمد کے لیے، کسٹمر کاؤنٹ/اکاؤنٹس میں موزوں بیلنس کو برقرار رکھے گا۔

2۔ بینک، اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے وقتاً فوقتاً بینک کو امتناعی ہدایت کے مؤثر ہونے کے حوالے سے دی جانے والی تاریخ پر، بینک کے پاس جمع کرنے کے حوالے سے پیش کئے جانے والے چیکس یا بینک کے ساتھ کئے جانے والے دیگر موجودہ انتظامات پر اس طرح کی امتناعی ہدایات کی ترجیح کے تعین کا حق محفوظ رکھتا ہے یا بینک کے ساتھ کیے گئے کسی دیگر موجود انتظام کے حق کو محفوظ رکھتا ہے۔

3۔ اکاؤنٹ میں اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے وقتاً فوقتاً دی جانے والے امتناعی ہدایات کی تکمیل کے لیے غیر موزوں فنڈز ہونے کی صورت میں، اس طرح کی امتناعی ہدایات کو کالعدم قرار دے دیا جائے گا۔

4۔ بینک کو دی جانے والے امتناعی ہدایات اکاؤنٹ ہولڈر کی وفات یا دیوالہ ہونے کی صورت میں بھی مؤثر رہیں گی تاوقتیکہ بینک کو اس کی وفات یا دیوالیہ ہونے سے متعلق اطلاع بینک کے لیے قابل قبول طریقے کے مطابق نہ دے دی جائے۔ اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے بینک کو وقتاً فوقتاً دی جانے والی امتناعی ہدایت میں ترمیمات آئندہ ادائیگی کے واجب لادا ہونے سے کم از کم ایک ہفتہ قبل بینک تک پہنچنا ضروری ہے۔

5۔ بینک، اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے وقتاً فوقتاً دی جانے والی امتناعی ہدایات میں کسی بھی ترمیمات اور ساتھ ہی ہر نئی امتناعی ہدایات کو پر عمل درآمد کرنے کے حوالے سے بینک کے شیڈول آف چارجز کے مطابق چارج وصول کرے گا۔ بینک، اکاؤنٹ ہولڈر کے اکاؤنٹ میں غیر موزوں فنڈز کی وجہ سے بینک کی جانب سے ہر امتناعی ہدایات پر عمل درآمد نہ کر پانے کے حوالے سے بھی بینک کے شیڈول آف چارجز کے مطابق چارجز وصول کر سکتا ہے۔

6۔ امتناعی ہدایات کے حوالے سے عائد کردہ چارجز کسی بھی لاگت، اتفاقی ڈاک اور دیگر اسٹامپ ڈیوٹی، جو ہر امتناعی ہدایت کی ادائیگی کے حوالے سے بینک کی جانب سے ادا کی جاتی ہے، کے علاوہ ہیں۔

7۔ کسٹمر، بینک کو کسٹمر کی جانب سے دی جانے والی امتناعی ہدایات کے نتیجے میں ہونے والے کسی بھی نقصان، خسارے، دعووں، لاگت اور اخراجات (بشمول قانونی اخراجات) کے حوالے سے مکمل طور پر مبرا قرار دینے سے اتفاق کرتا/کرتی ہے/کرتے ہیں۔

## DEATH / BANKRUPTCY OF A CUSTOMER

1. The Bank, in case of receipt of official notice or as and when it becomes aware from another reliable source of the death or bankruptcy of a customer shall immediately stop operation in the particular Account.
2. In case of operating instructions "Either or Survivor" in the event of the death of Account holder(s), credit balance in Account will be payable to surviving Account holder(s) through one transaction. The operation in all such Accounts shall be immediately stopped by the Bank.
3. "Either or Survivor" mandate is held in case of joint Accounts or Partnership agreement provided for continuation of Partnership despite after death of partner, a new Account shall be opened by completing all requirements.
4. In case of bankruptcy of a customer, no withdrawal from the Account will be permitted by the Bank after receiving notice officially or through any reliable source. Operation in such account shall only be allowed strictly as per Bank's policy / production of Succession Certificate or other order from a court of competent jurisdiction.

## کسٹمر کی وفات/دیوالیہ پن

1۔ بینک کسٹمر کی وفات یا دیوالیہ ہونے کے حوالے سے وصول ہونے والے آفیشل نوٹس یا کسی بھی مصدقہ ذریعے سے موصول ہونے والی اس اطلاع کی صورت میں اس مخصوص اکاؤنٹ میں عملی امور کو فوری طور پر روک دے گا۔

2۔ بینک اکاؤنٹ جو" کوئی بھی ایک" کی ہدایات کے ساتھ چلایا جا رہا ہو، تو ایسے اکاؤنٹ میں اکاؤنٹ ہولڈر(ز) کی وفات کی صورت میں اکاؤنٹ میں موجود رقم کو زندہ/حیات رہنے والا/والے اکاؤنٹ ہولڈر(ز) کی جانب سے ایک ٹرانزیکشن کے ذریعے قابل ادائیگی ہوگا۔ اس طرح کے تمام اکاؤنٹس میں ہونے والی ٹرانزیکشنز کو بینک کی جانب سے فوری طور پر روک دیا جائے گا۔

3۔ شراکت دار کی وفات کے باوجود مشترکہ اکاؤنٹس یا شراکت داری کے معاہدے کو جاری رکھنے کی صورت میں " کوئی بھی ایک" کا استحقاق موقوف کر دیا جاتا ہے اور تمام مطلوبہ تقاضوں کی تکمیل کے بعد ایک نیا اکاؤنٹ کھولا جائے گا۔

4۔ کسٹمر کے دیوالیہ ہونے کے حوالے سے بینک کو آفیشل نوٹس یا کسی مصدقہ ذرائع سے اطلاع موصول ہونے کی صورت میں، اکاؤنٹ سے کسی قسم کی رقم نکالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ اس قسم کے اکاؤنٹ میں عملی امور کی انجام دہی کی اجازت صرف وراثتی سند کی فراہمی یا معزز عدالت کے حکم نامے پر بینک کی پالیسی کے مطابق دی جائے گی۔

## RESTRICTION ON CREATION OF SECURITY

The amounts deposited or standing to the credit of an Account cannot in any way be assigned or charged to a third party by way of security. The Bank shall not be bound by any notice of assignment or charge in favor of a third party. However, the customer shall have the right to create a lien over or pledge deposits in favor of the Bank to secure any finance, banking or credit facilities granted by the Bank to the customer or to any other person at customer's request or against customer's guarantee.

## سیکیورٹی/ضمانت کی تخلیق پر پابندی

کسی بھی اکاؤنٹ میں موجود/جمع شدہ رقوم کسی بھی تیسرے فریق کو بطور سیکیورٹی تفویض یا اس کی جانب سے بطور سیکیورٹی وصول نہیں کی جاسکتی ہے۔ بینک کسی بھی تیسرے فریق کے حق میں تفویض کردہ اس طرح کے کسی بھی نوٹس کا پابند نہیں ہے۔ تاہم، کسٹمر کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ کسٹمر کو یا کسٹمر کی درخواست پر یا کسٹمر کی ضمانت پر دیگر کسی شخص کو بینک کی جانب سے فراہم کردہ کسی بھی فنانس، بینکنگ یا کریڈٹ کی سہولت کے ضمانت کے طور پر بینک کے حق میں ان جمع شدہ رقوم کی ضمانت تخلیق کردے۔

## CHANGE OF PARTICULARS

The Account holder shall notify the Bank immediately in the event of any change in the particulars of the Account. For example, mailing address, contact information, change of profession, change in source of income etc. Until such change of particulars has been notified in writing to the Bank and acknowledged by the Bank, the Bank shall rely on existing particulars / information of Account holder.

## کوائف کی تبدیلی

اکاؤنٹ ہولڈر، اکاؤنٹ کے کوائف میں ہونے والی کسی بھی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر بینک کو مطلع کرے گا۔ مثلاً، ڈاک کا پتہ، رابطہ کی معلومات، پیشے کی تبدیلی، ذریعہ آمدن وغیرہ کی تبدیلی۔ بینک کو اس قسم کی تبدیلی کی تحریری اطلاع موصول ہونے اور بینک کی جانب سے اس کی منظوری تک، بینک، اکاؤنٹ ہولڈر کے موجودہ کوائف/معلومات پر انحصار کرے گا۔

## STATEMENT OF ACCOUNT

1. Statement of Account in respect of the Account will be provided and sent to Account holder having a closing balance equal to or exceeding Rs.10,000/- on six monthly basis within one month from the close of half-year, i.e., June 30 & December 31 by post / email, at the Account holders last known address on record of the Bank.
2. The Bank shall send to the customer Statement of Account at frequency stipulated by SBP, and the customer shall check entries made therein. In case of any discrepancy or error in the Statement of Account, customer shall notify the Bank within 45 days of issue of the Statement of Account. However, Statement of Account shall not be sent to the customer whose account has been marked as Dormant, as per directives of State Bank of Pakistan.
3. The Bank shall ensure that debit and credit entries are correctly recorded in the Account, but in case of any mistake or error, the Bank shall have the right to rectify the mistake or error by making the correct adjusting entries with notice to the customer and recover any amount wrongly paid or credited.
4. Bank may correct erroneous and incorrect posting of entries and inform the Account holder subsequently.
5. A part from mandatory provision of Statement of Account, Statement of Account may be provided by the Bank, subject to charges, as applicable under its Schedule of Bank Charges, upon receipt of written request by the customer/Account holder only.

## اکاؤنٹ کا گوشوارہ

1۔ اکاؤنٹ کے حوالے سے اکاؤنٹ کا گوشوارہ، اکاؤنٹ ہولڈر کو ہر ششماہی کے اختتام کے ایک ماہ بعد یعنی 30 جون اور 31 دسمبر کو چھ ماہ کی بنیاد پر -/10,000 روپے یا اس سے زائد کے کلوزنگ بیلنس کا حامل ہونے پر بینک کے ریکارڈ میں موجود اکاؤنٹ ہولڈرز کے پتے پر بذریعہ ڈاک/ای میل فراہم اور ارسال کیا جائے گا۔

2۔ بینک، اکاؤنٹ ہولڈر کو اکاؤنٹ کا گوشوارہ ایس بی پی کی مقررہ مدت پر ارسال کرے گا اور کسٹمر اس میں موجود اندراجات کو چیک کرے گا۔ اکاؤنٹ گوشوارے میں کسی بھی کمی یا غلطی کی صورت میں، کسٹمر اکاؤنٹ گوشوارے کے اجراء کے 45 دنوں کے اندر بینک کو اس کی اطلاع دے گا۔ تاہم، اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی ہدایت کے مطابق اس اکاؤنٹ ہولڈر کو اکاؤنٹ کا گوشوارہ ارسال نہیں کیا جائے گا جس کا اکاؤنٹ غیر فعال کے طور پر نشان زد کردیا گیا ہے۔

3۔ بینک، اس بات کو یقینی بنائے گا کہ اکاؤنٹ میں ڈیبٹ اور کریڈٹ کے اندراجات کو درست طریقے سے ریکارڈ کیا جائے تاہم کسی بھی غلطی کی صورت میں بینک کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ کسٹمر کے علم میں لاتے ہوئے اس طرح کی غلطی/غلط اندراج کو درست کردے اور غلطی سے ادا شدہ یا جمع شدہ کسی بھی رقم کو وصول کرلے۔

4۔ بینک، اندراجات میں ہونے والی کسی بھی غلطی کو درست کرسکتا ہے اور بعدازاں اس کی اطلاع اکاؤنٹ ہولڈر کو دے سکتا ہے۔

5۔ اکاؤنٹ کے گوشوارے کی لازمی فراہمی کے علاوہ، بینک شیڈول آف چارجز میں لاگو، چارجز سے مشروط، اکاؤنٹ کا گوشوارہ کسٹمر/اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے موصول شدہ تحریری درخواست کی وصولی پر فراہم کرسکتا ہے۔

## e-STATEMENT

1. The e-Statement will be sent by the bank electronically to the assigned email address provided by the Account holder at the sole risk and responsibility of the Account holder.
2. The Account holder shall advise the Bank in writing, in case of change in the email address or if he/she does not want the statement of account to be sent by email.

## ای۔اسٹیٹمنٹ

1۔ بینک کی جانب سے ای اسٹیٹمنٹ الیکٹرانک طریقے سے اکاؤنٹ ہولڈر کے فراہم کردہ مخصوص ای میل ایڈریس پر کلی طور پر اکاؤنٹ ہولڈر کی صوابدید، رسک اور ذمہ داری پر ارسال کی جائے گی۔

2۔ اکاؤنٹ ہولڈر اپنا ای میل ایڈریس تبدیل کرنے یا اکاؤنٹ کا گوشوارہ (اسٹیٹمنٹ) بذریعہ ای میل موصول نہ کرنے کا خواہشمند ہونے کی صورت میں، بینک کو تحریری طور پر مطلع کرے گا۔

3. The Account holder agrees and accepts that transmission lines are not encrypted and that email is not a secure means of transmission and is susceptible to viruses, errors, fraud, misuse, hacking, unauthorized/illegal interception, alteration, manipulation or access by any third party, or unauthorized usage thereof, and the Bank shall not be responsible or liable for the same. In case the statement is not received, it shall be the responsibility of the Account holder to contact the Bank and obtain the statements and the Account holder shall remain liable for proper payment on the due date.
4. The Bank shall not be responsible or liable for any breach of secrecy or confidentiality in any manner and for any reason whatsoever if contents of the e-Statement or email address becomes known to or accessed by any third party.
5. The Account holder shall not disclose the password to any third party and the use and storage of account information, transactions details and any other information contained in the e-Statement shall be the sole responsibility of the Account holder.
6. The Account holder shall use the e-Statement for his personal information and record and he shall not use or print and submit it for any legal requirement or to any visa granting authorities or educational institutions within or outside the country. If needed, the Account holder may request the Bank to provide him computer generated hard copy of the Statement of Account.
7. In case of corporate Account holders, it shall be the responsibility of the Account holder to ensure that the e-Statement shall be under the custody of authorized/designated employee(s) /director/partners of the company/firm. The Bank shall not be responsible or liable for any unauthorized or misuse of the e-Statement or any alteration/manipulation therein.
8. The Account holder shall indemnify the Bank for any claim, loss, damage or legal action arising out of or as a result of transmission of the e-Statement, or for any access, misuse or fraudulent use thereof by any third party.
9. The Bank may amend or alter these terms and conditions at any time and thereupon the same shall be applicable to the Account holder.
10. To comply with SBP's directives kindly provides us on priority basis, an attested copy of your CNIC and also of your joint Account holders (if applicable) in case the same has not been provided earlier.
11. The Account holder agrees to pay any charges levied by the Bank for providing the facility of Statements via e-mail as per the Bank’s Schedule of Charges.
12. In case of non-delivery, delay or non transmission of the statement, the Bank or any of its employees or representatives or officers will not be responsible for any direct, indirect, incidental or consequential loss, including but not limited to, loss of profit that the Account holder may suffer.

3۔ اکاؤنٹ ہولڈر متفق ہے اور اس بات کو قبول کرتا ہے کہ ٹرانسمیشن لائنز خفیہ (انکرپٹ) نہیں ہوتی ہیں اور ای میل کسی بھی دستاویز کی ترسیل کے حوالے سے محفوظ ذریعہ نہیں ہے نیز ای میل وائرس سے حساس اور اس میں غلطی، فراڈ، اس کے غلط استعمال، ہیکنگ، غیر مجوزہ/غیر قانونی دخل، تبدیلی، ہیر پھیر یا تیسرے فریق کی جانب سے اس تک رسائی یا اس کے غلط استعمال کا احتمال ہوتا ہے لہٰذا بینک اس حوالے سے قطعی طور ذمہ دار نہیں ہوگا۔ گوشوارہ (اسٹیٹمنٹ) موصول نہ ہونے کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر بینک سے رابطہ کرنے اور گوشوارے حاصل کرنے کا ذمہ دار ہوگا اور اکاؤنٹ ہولڈر مقررہ تاریخ پر مجوزہ ادائیگی کا ذمہ دار رہے گا۔

4۔ اگر کسی بھی وجہ سے ای اسٹیٹمنٹ یا ای میل ایڈریس کسی تیسرے فریق کے علم یا رسائی میں آتا ہے تو بینک معلومات کو صیغہ راز/خفیہ رکھنے کے عمل کی کسی بھی طریقے سے کسی بھی قسم کی خلاف ورزی کا ذمہ دار یا جواب دہ نہیں ہوگا۔

5۔ اکاؤنٹ ہولڈر کسی بھی تیسرے فریق کو پاس ورڈ نہیں بتائے گا اور ای میل میں موجود اکاؤنٹ کی معلومات، ٹرانزیکشن کی تفصیلات اور دیگر کسی بھی معلومات کا استعمال اور اسٹوریج کلی طور پر اکاؤنٹ ہولڈر کی ذمہ داری ہوگی۔

6۔ اکاؤنٹ ہولڈر ای اسٹیٹمنٹ کو اپنی ذاتی معلومات اور ریکارڈ کے لیے استعمال کرے گا نیز وہ اسے کسی بھی قانونی تقاضے کے لیے استعمال، شائع یا جمع نہیں کرائے گا اور نہ اسے ہی ویزا احکام یا ملک کے اندر یا بیرون ملک تعلیمی اداروں میں استعمال کرے گا۔ اگر ایسی کوئی ضرورت ہو تو اکاؤنٹ ہولڈر، بینک کو کمپیوٹر سے تیار کردہ اکاؤنٹ گوشوارے کی کاغذی شکل میں نقل کے حصول کے لیے درخواست کرسکتا ہے۔

7۔ کارپوریٹ اکاؤنٹ ہولڈرز کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر کی یہ ذمہ داری ہوگی کہ وہ ای اسٹیٹمنٹ کو کمپنی/فرم کے مجاز/مختص شدہ ملازم/ملازمین/ڈائیریکٹر/شراکت داروں کی تحویل میں رکھنے کو یقینی بنائے گا۔ بینک، ای اسٹیٹمنٹ کے کسی بھی غیر مجاز یا غلط استعمال یا کسی بھی تبدیلی یا ہیر پھیر کا ذمہ دار/جواب دہ نہیں ہوگا۔

8۔ اکاؤنٹ ہولڈر، ای اسٹیٹمنٹ کی ٹرانسمیشن یا تیسرے فریق تک کسی رسائی، غلط استعمال یا اس میں جعلسازی کی نتیجے میں پیدا ہونے والے کسی بھی دعویٰ، خسارے، نقصان یا قانونی عمل سے بینک کو مبراء رکھے گا۔

9۔ بینک ان شرائط وضوابط کو کسی بھی وقت تبدیل کرسکتا ہے اور اس کے بعد وہ شرائط وضوابط اکاؤنٹ ہولڈر پر قابل اطلاق ہوں گی۔

10۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی ہدایات پر عمل درآمد کے لیے، براہِ مہربانی ہمیں اپنی اور اپنے شریک اکاؤنٹ ہولڈرز (اگر قابل اطلاق ہو) کی کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی مصدقہ نقل ترجیحی بنیاد پر فراہم کریں، (اگر وہ پہلے فراہم نہیں کی گئی ہے)۔

11۔ اکاؤنٹ ہولڈر، گوشواروں کی بذریعہ ای میل ٹرانسمیشن کی سہولت کی فراہمی کے حوالے سے بینک کے شیڈول آف چارجز کے مطابق، بینک کی جانب سے عائد کردہ کسی بھی چارجز کی ادائیگی کا اقرار کرتا ہے۔

12۔ گوشوارے کی عدم ترسیل، تاخیر یا نان ٹرانسمیشن کی صورت میں بینک یا اس کا کوئی بھی ملازم/ملازمین یا نمائندہ یا افسر کسی بھی براہِ راست، بالواسطہ، اتفاقی یا کسی نتیجے میں ہونے والے خسارے بشمول (تاہم اس تک محدود نہیں) اکاؤنٹ ہولڈر کو منافع میں ہونے والے نقصان کے ذمہ دار نہیں ہوں گے۔

## DORMANT / UNCLAIMED ACCOUNTS

## غیر فعال/غیر دعویٰ شدہ اکاؤنٹس

1. **As per the Bank's policy if the Account has not been operated by the customer during last one year, the Account will be classified as "Dormant Account", and no withdrawal will be allowed until the Account is reactivated. However, the Bank will be entitled to recover its charges as per State Bank of Pakistan directives, issued from time to time, by debiting the Account. Reactivation of the Dormant Account may only be allowed at Customer's written request along with required documents.**

-1 بینک کی پالیسی کے مطابق، اگر کاؤنٹ کو کسٹمر کی جانب سے گزشتہ ایک سال کی مدت کے دوران استعمال نہیں کیا گیا ہے تو ایسے اکاؤنٹ کو غیر فعال کا درجہ دے دیا جائے گا اور اس اکاؤنٹ کے دوبارہ فعال ہونے تک اس میں سے کسی بھی رقم کو نکالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ تاہم بینک، اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے وقتاً فوقتاً دی جانے والی ہدایات کے مطابق، اکاؤنٹ سے اپنے چارجز وصول کرنے کا اہل ہوگا۔ اکاؤنٹ کو دوبارہ فعال، صرف کسٹمر کی جانب سے مطلوبہ دستاویزات کے ساتھ دی جانے والی تحریری درخواست پر کیا جاسکتا ہے۔

2. **If no transaction has taken place in the Account and no Statement of Account has been requested or acknowledged by the customer during ten years, except for a deposit in minor Account or Government Account or a deposit by a Court of law the same will be classified as an "Unclaimed Account".**

-2 اکاؤنٹ میں 10 سال کی مدت تک کوئی ٹرانزیکشن نہ ہونے اور کسٹمر کی جانب سے اس مدت میں اکاؤنٹ گوشوارے کی درخواست نہ کئے جانے کی صورت میں (ماسوائے نابالغ کے اکاؤنٹ یا سرکاری اکاؤنٹ یا عدالت کی جانب سے ڈپازٹ کی جانے والی رقم) ایسے اکاؤنٹ کو "غیر دعویٰ شدہ اکاؤنٹ" قرار دے دیا جائے گا۔

3. **In case of an Account becoming un-claimed, the Bank will serve a notice as per directives of SBP in writing to the Account holder at his/her last known address in Bank's record for activating the Account. Subsequent to the notice, in case of no response from the Account holder/no operation in the Account, the Bank, in terms of section 31 of Banking Companies Ordinance 1962 will surrender the credit balance in the Account to the State Bank of Pakistan as an "unclaimed deposit" and close the Account.**

-3 اکاؤنٹ کے غیر دعویٰ شدہ ہونے کی صورت میں بینک، اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی ہدایات کے مطابق اکاؤنٹ ہولڈر کو بینک کے ریکارڈ میں موجود اس کے آخری دستیاب پتے پر اکاؤنٹ کو فعال کرانے کے حوالے سے تحریری نوٹس ارسال کرے گا۔ اس نوٹس پر اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے جواب موصول نہ ہونے یا اکاؤنٹ میں کوئی کارروائی نہ ہونے کی صورت میں، بینک کمپنیز آرڈیننس 1962 کے سیکشن 31 کے مطابق، اکاؤنٹ میں موجود جمع شدہ رقم کو اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے حق میں بطور غیر دعوی شدہ ڈپازٹ دستبردار کردے گا اور اکاؤنٹ کو بند کردے گا۔

4. **The customer may however approach the Bank along with required documents for refund of unclaimed deposits from State Bank of Pakistan.**

-4 ہر چند یہ کہ، کسٹمر اسٹیٹ بینک آف پاکستان سے غیر دعویٰ شدہ ڈپازٹس کی واپسی کے حوالے سے مطلوبہ دستاویزات کے ساتھ بینک سے رابطہ کرسکتا ہے۔

5. **Debit transaction under the recovery of Loans, Markup, Bank Charges, Zakat deduction (if applicable), Government Duties or Levies, debit initiated in response to instructions issued under any law or by Court of Law will not be subject to debit withdrawal restriction.**

-5 قرضہ جات، بینک چارجز، زکوٰۃ کی تخفیف (اگر لاگو ہو)، سرکاری ڈیوٹیز یا محصولایت، کسی بھی قانون یا معزز عدالت کے تحت جاری شدہ ہدایات کے جواب میں کئے جانے والے ڈیبٹ، کے تحت اکاؤنٹ سے منہا کی جانے والی رقم ،ڈیبٹ ووڈرال کے حوالے سے عائد کردہ پابندیوں سے مشروط نہیں ہوگی۔

6. **In case Either or Survivor mode of operations, Account can be activated on the written request of any one of them, subject to the condition that valid identity document of all Account holders are in the bank's record or have been offered to the Bank.**

-6 " کوئی بھی ایک" کی ہدایات کے ساتھ اکاؤنٹ چلانے جانے کی صورت میں، اکاؤنٹ کسی بھی ایک کی تحریری درخواست پر فعال کیا جاسکتا ہے، جو کہ بینک کے ریکارڈ یا بینک کو پیش کردہ اکاؤنٹ ہولڈر کی مؤثر شناختی دستاویز کی شرط سے مشروط ہے۔

## PHONE AND ELECTRONIC BANKING

## فون اور الیکٹرانک بینکنگ

1. Where Bank provides phone and /or on-line / internet banking facility to the customer, the customer shall be solely responsible to ensure that the Personal Identification Number (PIN) and the card number, (if any) and the password are not disclosed to any other person or third party. The Bank shall in no way be responsible for any misuse or fraudulent use of the PIN/Password.

-1 جب بینک کسٹمر کو فون اور/ یا آن لائن انٹرنیٹ بینکنگ کی سہولت فراہم کرتا ہے تو کسٹمر کو اس بات کو یقینی بنائے گا کہ وہ دیگر کسی بھی شخص یا تیسرے فریق کو ذاتی شناخت کا نمبر (PIN) اور کارڈ نمبر، (اگر کوئی ہو) اور پاس ورڈ کو نہیں بتائے گا۔ بینک پن/ پاس ورد کے کسی بھی غلط یا دھوکہ دہی پر مبنی استعمال کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

2. If the Bank receives any verbal instructions from customer or any other person purporting to be the customer and correct Account number and PIN are given, the Bank may act upon such verbal instructions and the customer agrees to indemnify the Bank against any loss, damages, costs or demands incurred by the Bank as a result of or in connection therewith.

-2 کسٹمر یا خود کو کسٹمر ظاہر کر کے کسی بھی دیگر شخص کی جانب سے بینک کو زبانی ہدایات موصول ہونے اور بینک کو درست اکاؤنٹ نمبر اور پن دیئے جانے کی صورت میں، بینک دی جانے والی اس زبانی ہدایات پر عمل کرسکتا ہے اور کسٹمر اس کے نتیجے میں بینک کی جانب سے برداشت کئے جانے والے کسی بھی نقصان، خسارے، لاگت یا ڈیمانڈز کی ادائیگی کرنے کا اقرار کرتا ہے۔

3. The Bank reserves the right to refuse to execute any instruction if the Bank is in doubt of the identity of the caller or the genuineness of any instruction.

4. In case of Joint Account, if the instruction is given by a person who is singly authorized to operate the account, such instruction shall be fully binding on the customer.

5. For availing phone / on-line / internet banking facility, customer shall comply with all the requirements and guidelines issued by the Bank from time to time which will be fully binding on the customer.

6. All recorded conversation under the phone banking facility, and all other records of the Bank in relation to any ATM and / or on-line banking transactions/instructions shall be conclusive evidence and fully binding on the customer.

7. The customer acknowledges that phone/on-line Banking involves inherent risks including risks associated with fraud and unintended or erroneous instructions. The customer hereby accepts all risks and responsibilities in this regard.

8. The Bank shall not be responsible for any delay, incomplete, improper or non-delivery of e-statement for any reason whatsoever, including but not limited to telecommunication network failure or any other reason beyond the control of the Bank.

3۔ ہدایت دینے کے لیے کال کرنے والے کی شناخت کے اصل ہونے پر بینک کو شک ہونے کی صورت میں، بینک ایسی کسی بھی ہدایت کی انجام دہی سے انکار کرسکتا ہے۔

4۔ مشترکہ اکاؤنٹ کی صورت میں، اگر ہدایت اس شخص کی جانب سے دی جاتی ہے جو اکاؤنٹ کو چلانے کا انفرادی طور پر مجاز ہے تو اس ہدایت کا کسٹمر مکمل طور پر پابند ہوگا۔

5۔ فون/آن لائن/انٹرنیٹ بینکنگ کی سہولت کے حصول کے لیے کسٹمر بینک کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ تمام تقاضوں کی تکمیل اور گائیڈ لائنز کی تعمیل کرے گا، جو کسٹمر کے لیے کلی طور پر پابندی کا موجب ہوگی۔

6۔ فون بینکنگ کی سہولت کے حوالے سے ریکارڈ کی جانے والی تمام گفتگو اور کسی بھی اے ٹی ایم اور/یا آئن لائن بینکنگ ٹرانزیکشنز/ہدایات جامع ثبوت ہوں گی اور کسٹمر اس کا مکمل طور پر پابند ہوگا۔

7۔ کسٹمر فون/آن لائن بینکنگ میں دھوکہ دہی اور غیر مجوزہ یا غلط ہدایات سے منسلک درپیش خطرات کی آگہی کا اقرار کرتا ہے۔ کسٹمر، اس حوالے سے بذریعہ ہٰذا تمام رسک اور ذمہ داریوں کو قبول کرتا ہے۔

8۔ بینک، کسی بھی وجہ بشمول تاہم ان تک محدود نہیں، ٹیلی کمیونیکیشن نیٹ ورک کی خرابی یا بینک کی دسترس سے باہر کسی بھی دیگر کسی بھی سبب سے کسی بھی تاخیر، عدم تکمیل، غیر موزوئیت یا ای اسٹیٹمنٹ کی عدم ترسیل کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

## NOTICE | نوٹس

All correspondence, notices or demands by the Bank shall be deemed to have been validity affected or sent if served to the Account holder personally or delivered or sent by fax or, registered mail/courier to the Account holders last known address in accordance with the Bank's record. Further, it shall deemed to be duly delivered to the Account holder on the actual date of delivery where personally received by the Account holder or within three days of dispatch where sent by registered mail/courier or on next day of dispatch where sent by courier service. In the case of communication sent by SWIFT or facsimile transmission, such communication shall be deemed to be effected on the date the SWIFT or facsimile transmission was actually sent.

بینک کی جانب سے تمام خط وکتابت، نوٹسز یا ڈیمانڈز یا اکاؤنٹ ہولڈر کو ذاتی طور پر ارسال کیئے جانے والے یا اکاؤنٹ ہولڈر کو بذریعہ فیکس یا رجسٹرڈ ڈاک، بینک کے پاس موجود اکاؤنٹ ہولڈر کے آخری پتے پر ارسال کیا گیا ہو، کو مؤثر تصور کیا جائے گا۔ مزید یہ کہ اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے اس کی ذاتی طور پر وصولی یا رجسٹرڈ ڈاک/کوریئر کے ذریعے ترسیل کے تین دنوں کے اندر یا کوریئر سروس کے ذریعے ترسیل کے اگلے دن ترسیل کو مؤثر تصور کیا جائے گا۔ سوئفٹ یا فیکس کے ذریعے کی جانے والی کمیونیکیشن کی صورت میں سوئفٹ یا فیکس کے ذریعے بھیجی گئی تاریخ پر اسے مؤثر تصور کیا جائے گا۔

## DEBIT CARD | ڈیبٹ کارڈ

1. Every Account holder who is eligible to apply for the card must be eighteen (18) years old or above as on the date of the application for the issuance of the card and has the legal capacity to enter into binding contracts.

2. Usage of the card is subject to the terms, policies and procedures that Sindh Bank may adopt or modify from time to time with prior notice to the card holder (whether general, specific or by publication in the Bank's Schedule of Charges).

3. If the application for a card is jointly signed by persons maintaining joint account on Either or Survivor basis, the said person shall be jointly and severally bound by these terms & conditions.

1۔ کارڈ کی اہلیت کے لیے ضروری ہے کہ ہر اکاؤنٹ ہولڈر کارڈ کے اجراء کے حوالے سے دی جانے والی تاریخ پر لازمی طور پر اٹھارہ (18) سال یا زائد عمر کا حامل ہو اور معاہدے (کنٹریکٹس) میں پابند ہونے کی قانونی حیثیت رکھتا ہو۔

2۔ کارڈ کا استعمال سندھ بینک کی جانب سے کارڈ ہولڈر کو پیشگی اطلاع دے کر وقتاً فوقتاً استعمال کیئے جانے یا ترمیم کی جانے والی شرائط، پالیسیز اور طریقہ کار سے مشروط ہے۔

3۔ اگر کوئی بھی ایک فرد کی بنیاد پر چلائے جانے والے مشترکہ اکاؤنٹ کی صورت میں کارڈ کے لیے درخواست مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈرز کی جانب سے دستخط شدہ ہو، تو مذکورہ شخص مشترکہ اور انفرادی طور پر ان شرائط وضوابط کا پابند ہوگا۔

4. Card shall be issued to individuals who maintain Current/ Savings/Basic Banking Account in Pak Rupees on Individual/Sole Proprietorship/Joint/Either or Survivor basis with the Bank in Pakistan, with a minimum balance amount maintained at all times as per Bank's policy. In the event of the Account being closed for any reason, the card's usage validity shall cease.

5. An amount of at least equal to the card issuance charges as per Bank's Schedule of Charges/minimum balance as per Bank's policy (whichever is higher) is to be maintained by the Account holder in his/her account at the time of issuance of Debit Card.

6. The card shall not be used to overdraw the Account or to obtain credit of any description or nature and shall not under any circumstances be alienated, transferred, pledged against encumbrance of any nature. The Bank shall not be responsible for any loss or damage arising directly or indirectly from / due to the insufficiency of funds in the card holder's Account.

7. The card shall remain the property of the Bank at all times and the Bank may at its sole discretion, and without assigning any reason, cancel the card and through notice and demand its return, and the card holder should return the card to the bank within the time stipulated by the Bank in the notice. The Bank shall not be liable for any loss suffered by the card holder as a result thereof. The card should not be used by any person other than the card holder.

8. The card holder undertakes not to divulge his/her PIN accidentally or otherwise, to any other person. The card holder shall indemnify and keep Sindh Bank Limited indemnified and harmless from / and against all losses, damages and costs that may incur as a result of the PIN divulgence. The card holder shall not pass the card to any other person and undertakes that he/she shall take every possible care to prevent the card from being lost, mislaid or stolen and shall be liable for all losses and consequences resulting there from

9. The card holder shall notify the Bank immediately in writing or Call 021-111-11-7632 if the card is lost, mislaid or stolen and if the PIN is unwillingly divulged to a third party or known.

10. Bank is authorized to act on any telephonic instructions that the Bank believes have been given by the card holder where the person giving such instructions enters his/her PIN/TPIN assigned to the card holder by the Bank via secured IVR channel.

11. The card holder shall at all times remain liable for all the transactions made by the use of the card. The Bank's record of transactions processed by the card holder shall be conclusive and binding evidence for all purposes. However, in case of any disputed transaction(s), card holder must report the matter in writing within 45 days of the relative Statement of Account(s) date to its relevant Branch or customer Services/Call Center. In case the claim proves to be fake after investigation, card holder will be charged a fee decided by the Bank.

4۔ کارڈ ان افراد کو جاری کیا جائے گا جو بینک کی پالیسی کے مطابق ہمہ وقت کم از کم بیلنس کی رقم کو برقرار رکھنے کے ساتھ، پاکستان میں بینک کے ساتھ انفرادی/سول پروپرائٹر شپ/مشترکہ/کوئی بھی ایک کی بنیاد پر پاکستانی روپے میں کرنٹ/سیونگز/بیسک بینکنگ اکاؤنٹ کے حامل ہوں گے۔ کسی بھی وجہ سے اکاؤنٹ کے بند ہو جانے کی صورت میں، کارڈ کے استعمال کی قانونی حیثیت ختم کردی جائے گی۔

5۔ ڈیبٹ کارڈ کے اجرا کے وقت اکاؤنٹ ہولڈ کی جانب سے اس کے اکاؤنٹ میں بینک کے شیڈول آف چارجز کے مطابق کارڈ کے اجراء کے چارجز کے مساوی رقم/بینک کی پالیسی کے مطابق کم از کم بیلنس کی رقم (جو بھی زیادہ ہو) موجود رکھی جائے۔

6۔ کارڈ کو اکاؤنٹ سے اضافی رقم نکالنے یا کسی بھی صراحت یا نوعیت کا کریڈٹ حاصل کرنے کے لیے استعمال نہیں کیا جائے گا نیز کسی بھی صورتحال میں کسی بھی نوعیت کی رکاوٹ/خلل کے حوالے سے جدا، منتقل، وعدہ/معاہدہ نہیں کرے گا۔ بینک کارڈ ہولڈر کے اکاوٗٹ میں موزوں فنڈز کی عدم دستیابی کی وجہ سے براہِ راست یا بالواسطہ ہونے والے کسی بھی نقصان/خسارے کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

7۔ کارڈ ہمہ وقت بینک کی ملکیت رہے گا اور بینک اپنی ذاتی صوابدید پر اور بلا اظہارِ وجوہ کارڈ کو منسوخ کرنے اور بذریعہ نوٹس اس کی واپسی کا تقاضہ کرسکتا ہے اور کارڈ ہولڈر کارڈ کو چاہیئے کہ وہ بینک کی جانب سے دیئے گئے نوٹس میں مقررہ مدت کے اندر کارڈ بینک کو واپس کردے۔ بینک اس کے نتیجے میں کارڈ ہولڈر کو ہونے والے کسی بھی نقصان کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔ کارڈ کو، کارڈ ہولڈر کے علاوہ دیگر کسی بھی شخص کی جانب سے استعمال نہیں کیا جائے۔

8۔ کارڈ ہولڈر اقرار کرتا ہے کہ وہ اپنا پن اتفاقی طور پر یا دیگر طریقے سے کسی بھی دوسرے شخص پر افشا نہیں کرے گا۔ کارڈ ہولڈر، پن کو افشاء کرنے کے نتیجے میں ہونے والے تمام تر نقصانات، خساروں اور لاگت کے حوالے سے سندھ بینک لمیٹڈ کو معاوضہ ادا کرے گا اور بے ضرر رکھے گا۔ کارڈ ہولڈر دیگر کسی بھی شخص کو اپنا کارڈ نہیں دے گا اور وہ اقرار کرتا ہے/کرتی ہے/کرتے ہیں کہ وہ کارڈ کے گم ہونے، غلط استعمال یا چوری ہونے سے بچنے کی ہر ممکن کوشش کرے گا اور اس کے نتیجے میں ہونے والے تمام تر نقصانات اور نتائج کا ذمہ دار خود ہوگا۔

9۔ کارڈ ہولڈر، کارڈ کے گم ہونے، غلط استعمال یا چوری ہونے پر اور کسی تیسرے فریق یا نا معلوم شخص کو غیر ارادی طور پر پن افشاء کرنے سے متعلق بینک کو تحریری طور پر یا 021-111-11-7632 پر کال کر کے مطلع کرے گا۔

10۔ بینک کو کسی بھی ایسی ٹیلیفونک ہدایات پر جن پر بینک یہ یقین رکھتا ہے کہ وہ کارڈ ہولڈر کی جانب سے دی گئی ہیں اور جس میں ہدایات جاری کرنے والا شخص بینک کی جانب سے محفوظ آئی وی آر چینل کے ذریعے کارڈ ہولڈر کو تفویض کردہ پن/ٹی پن درج کرنے کی ہدایات پر اس کا اندراج کرتا ہے، عمل درآمد کی اجازت دی جاتی ہے۔

11۔ کارڈ ہولڈر، کارڈ کے استعمال ذریعے کی جانے والی تمام ٹرانزیکشنز کا ذمہ دار رہے گا۔ کارڈ ہولڈر کی جانب سے کی جانے والی ٹرانزیکشنز کے حوالے سے بینک کے پاس موجود ریکارڈ تمام مقاصد کے حوالے سے جامع ثبوت اور پابندی کا موجب ہوگا۔ تاہم، کسی بھی متنازعہ ٹرانزیکشنز کی صورت میں کارڈ ہولڈر متعلقہ اکاؤنٹ/اکاؤنٹس کے گوشوارے کے 45 دنوں کے اندر متعلقہ برانچ کا کسٹمر سروس/کال سینٹر کو تحریری طور پر معاملے سے متعلق لازمی رپورٹ کرے۔ تحقیق کے بعد کلیم کے جعلی ثابت ہونے کی صورت میں، کارڈ ہولڈر بینک کی جانب سے طے شدہ فیس چارج کرے گا۔

12. The Bank shall debit the card holder's account with any withdrawals/ transfer payments and all such payments as affected by the use of the card along with related Bank charges including taxes levied by the Federal or Provincial Government and all such entries in the Account shall be conclusive and binding upon the card holder.

12۔ بینک، کارڈ ہولڈر کے اکاؤنٹ کو کسی بھی نکالی گئی رقوم/منتقلیوں کی ادائیگی کو منہا کرے گا اور کارڈ کے استعمال سے متاثرہ ایسی ادائیگیاں مع اکاؤنٹ میں متعلقہ بینک چارجز بشمول وفاقی یا صوبائی حکومت اور ایسے تمام اداروں کی جانب سے عائد کردہ محصولات جامع/حتمی اور کارڈ ہولڈر کے لیے پابندی کا موجب ہوں گے۔

13. The Bank reserves the right to limit cash withdrawals and total purchases amount from an ATM or POS terminal during 24 hours period and to advise the card holder of such limits.

13۔ بینک ATM یا POS ٹرمینل سے 24 گھنٹوں کی مدت کے دوران نقد رقوم نکالنے اور مجموعی خریداری کی رقم کو محدود کرنے اور ان حدود کو کارڈ ہولڈر کو بتانے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

14. In case a Merchant makes a refund for a Debit Card transaction, the Bank will credit the card holder's Account upon receipt of cleared refund amount from the Merchant or Settlement / Acquiring Bank. The Bank will not be responsible for any delay in receiving such refunds.

14۔ دکاندار کی جانب سے ڈیبٹ کارڈ ٹرانزیکشن کی رقم کی واپسی کی صورت میں، بینک دکاندار/تصفیہ کرنے والے بینک کی جانب سے واپس کی جانے والی رقم کو کارڈ ہولڈر کے اکاؤنٹ میں کریڈٹ کر دے گا۔ بینک اس قسم کی رقوم کی واپسی کی وصولی میں کسی بھی تاخیر کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

15. The Bank shall have the right to rectify any error in the entries and reverse any erroneous entries in the account due to any bona-fide mistake or malfunction of the ATM/POS. The Bank's record of any transaction generated electronically or otherwise shall be conclusive evidence of such transaction.

15۔ بینک کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ اندراجات میں ہونے والی کسی بھی غلطی کو درست کرے اور اکاؤنٹ میں ہونے والے کسی بھی غلط اندراجات یا کسی بھی غیر دانستہ غلطی یا ATM/POS کی خرابی کی وجہ سے ہونے والے اندراجات کو درست کرے۔ الیکٹرانک طریقے یا دیگر طریقے سے بینک کو حاصل ہونے والا ریکارڈ اس ٹرانزیکشن کے حوالے سے جامع/حتمی ثبوت ہوگا۔

16. The Bank may (but shall not be obliged to) record telephonic instructions and such record of any instruction shall be conclusive and binding on the card holder.

16۔ بینک ٹیلیفونک ہدایات کو بھی ریکارڈ کر سکتا ہے (تاہم یہ اس کی ذمہ داری نہیں ہے) اور کسی بھی ہدایت کے حوالے سے اس کا یہ ریکارڈ جامع/حتمی اور کارڈ ہولڈر کے لیے پابندی کا موجب ہوگا۔

17. The Bank shall be entitled to alter, amend, delete or add these terms & conditions and services provided through the card at its discretion.

17۔ بینک کارڈ کے ذریعے فراہم کردہ ان شرائط وضوابط اور خدمات کو اپنی صوابدید پر تبدیل، درست، تحریف یا اضافہ کرنے کا اہل ہوگا۔

18. Card holder shall pay to the Bank all fees and charges that the Bank may impose from time to time in connection with the card services as per prevailing Schedule of Charges.

18۔ کارڈ ہولڈر بینک کو ایسی تمام فیس اور چارجز کی ادائیگی کرے گا، جو بینک کی جانب سے موجودہ شیڈول آف چارجز کے مطابق کارڈ سروسز کے تسلسل میں عائد کی جا سکتی ہیں۔

19. The Bank shall not be liable to the card holder for any loss suffered as a result of Bank being prevented from or delayed in providing any banking or other services to the card holder due to strikes, industrial actions, failure of power supplies/systems/equipment or causes beyond the Bank's control. The Bank shall not be liable in any manner due to any accidental death, injury or property damage that may be sustained by the card holder in using the card in ATM rooms at locations. It is agreed that the card holder shall use the card entirely at his/her own risk, cost and consequences. Furthermore, whenever the card is used by the card holder for payment of any utility or other bills, the card holder shall remain solely liable for any penalty, cost or surcharge which may be levied by the utility or service provider for late payment, irrespective of whether the card holder provided adequate notice and proper details to the Bank.

19۔ بینک، ہڑتال، انڈسٹریل ایکشنز، بجلی کی فراہمی/سسٹمز/ایکوپمنٹ میں خرابی یا بینک کی دسترس سے باہر کسی بھی معاملے کی وجہ سے کارڈ ہولڈر کو کسی بھی بینکنگ یا دیگر سروسز کی فراہمی میں تاخیر سے محفوظ رکھنے کے نتیجے میں، کارڈ ہولڈر کو ہونے والے کسی بھی نقصان کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔ بینک کسی بھی مقامات پر ATM رومز میں کارڈ کے استعمال میں کارڈ ہولڈر کی ہونے والی اتفاقی موت، زخم یا پراپرٹی کے نقصان کا کسی بھی طریقے سے ذمہ دار نہیں ہوگا۔ مزید برآں، کارڈ ہولڈر کی جانب سے جب کبھی کارڈ کو کسی بھی یوٹیلیٹی یا دیگر بلز کی ادائیگی کے لیے استعمال کیا جائے گا، تو کارڈ ہولڈر یوٹیلیٹی یا سروس فراہم کنندہ کی جانب سے عائد کئے جانے والے کسی بھی تاخیری جرمانے، لاگت یا سرچارج کے حوالے سے کلی طور پر از خود ذمہ دار رہے گا، قطع نظر اس کے کہ کارڈ ہولڈر کو بینک کی جانب سے موزوں نوٹس فراہم کیا گیا ہو یا نہیں۔

20. Customer shall sign Debit Card request at the time of account opening in Individual/Either & Survivor/Sole Proprietorship Category. Accounts of visually impaired/ blind/ photo account/ illiterate category shall be exempted from mandatory Debit card issuance.

20۔ کسٹمر، انفرادی/دونوں میں سے کوئی ایک یا حیات شخص/سول پروپرائیٹر شپ کیٹیگری میں اکاؤنٹ کھولتے وقت ڈیبٹ کارڈ کی درخواست پر دستخط کرے گا۔ ضعف بصارت کا شکار/نابینا/فوٹو اکاؤنٹ/ناخواندہ کیٹیگری کے اکاؤنٹس لازمی ڈیبٹ کارڈ کے اجراء سے مستثنیٰ ہوں گے۔

21. These terms and conditions are read in conjunction with Account Opening Form Terms & Conditions as shall be applicable to the Account from time to time.

21۔ ان شرائط وضوابط کو اکاؤنٹ کھولنے کے فارم کی شرائط وضوابط کے ساتھ پڑھا گیا ہے جو کہ اکاؤنٹ پر وقتاً فوقتاً قابل اطلاق ہوں گی۔

22. These terms and conditions are subject to rules and regulations, circulars and directives, of the SBP (as may be applicable from time to time) and will be governed by the substantive and procedural laws of Islamic Republic of Pakistan. The courts in Pakistan will have exclusive jurisdiction.

22۔ یہ شرائط وضوابط ایس بی پی کے قواعد وضوابط، مراسلہ جات اور ہدایات (وقتاً فوقتاً لاگو کی جانے والی) سے مشروط ہیں اور پاکستان کے بنیادی اور ضابطہ کار کے قوانین کے مطابق ان کی نگرانی کی جائے گی۔ پاکستان کی معزز عدالتیں خصوصی دائرہ کار کی حامل ہوں گی۔

23. Customer must provide a mobile number of his/her own use for SMS alert and other digital services. The Bank shall not be responsible for any misuse of such mobile number at customer's end.

23۔ کسٹمر ایس ایم ایس الرٹ اور دیگر ڈیجیٹل سروسز کے استعمال کے حوالے سے لازمی طور پر اپنا ایک موبائل نمبر فراہم کرے۔ بینک، کسٹمر کی طرف سے اس موبائل کے کسی بھی غلط استعمال کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

## SMS BANKING | ایس ایم ایس بینکنگ

1. If customer has agreed to opt SMS Alert services and will receive account information promotional and other message on customer's cellular phone number that has been provided by the customer to the Bank.

1۔ اگر کسٹمر ایس ایم ایس سروس حاصل کرنے پر رضا مند ہے تو کسٹمر اکاؤنٹ کی معلومات، تشہیری مواد اور دیگر پیغامات اس موبائل فون پر وصول کرے گا، جو کسٹمر کی جانب سے بینک کو فراہم کیا گیا ہے۔

2. Customer agrees and undertakes to indemnify and keeps it indemnified and harmless against any loss, cost or damage cause to or suffered by the Bank or with which the Bank may be threatened on Account of any information transmitted over the cellular network including, but not limited to customer's Account details, becoming known to any one due to the customer having access to the specified / mobile phone or the customer having provided an incorrect number of his / her mobile phone or for any other reason whatsoever.

2۔ کسٹمر کی جانب سے مخصوص موبائل فون تک کسی بھی شخص کو رسائی دینے یا کسی بھی وجہ سے کسٹمر کی جانب سے بینک کو غلط نمبر فراہم کرنے کی صورت میں کسٹمر کے اکاؤنٹ کی تفصیلات (تاہم اس تک محدود نہیں) کے سیلولر نیٹ پر منتقل کئے جانے کے خطرے کی صورت میں بینک کو پہنچنے والے کسی بھی نقصان، لاگت یا خسارے کی تلافی کرنے اور بینک اس سے مبراء اور بے ضرر رکھنے کے حوالے سے کسٹمر ضمانت دیتا ہے اور اس پر اپنی رضامندی کا اظہار کرتا ہے۔

3. Customer agrees, confirms and undertakes that Bank will not be responsible for any network failure / error by cellular service provider and agrees to indemnify the Bank and keeps it indemnified and harmless in respect thereof.

3۔ کسٹمر اقرار اور توثیق کرتا ہے کہ بینک، نیٹ ورک کی کسی بھی خرابی/سیلولر سروس فراہم کنندہ کی جانب سے کسی بھی غلطی کا ذمہ دار بینک کو قرار نہیں دے گا اور یہ بھی اقرار کرتا ہے کہ وہ اس حوالے سے بینک کی تلافی کرے گا اور اس لحاظ سے بینک کو بے ضرر اور ہر نقصان سے مبراء رکھے گا۔

4. Customer further agrees that message will not be delivered if mobile phone is switched off for an extended period and the Bank will in no way be liable in such an event.

4۔ کسٹمر مزید اقرار کرتا ہے کہ موبائل فون کے طویل وقت تک بند ہونے کی صورت میں پیغام کی ارسال نہیں کیا جائے گا اور بینک اس حوالے سے کی بھی طریقے سے ذمہ دار نہیں ہوگا۔

5. Customer agrees and undertakes to pay the Bank all the charges (as mentioned in Bank's Schedule of Charges) relative to above services and hereby irrevocably authorizes the Bank to debit the same from the Account or, if the Account does not have sufficient credit balance to permit such debit, the Bank may debit the same to any other Account maintained by the same customer at any Branch of Sindh Bank Limited.

5۔ کسٹمر رضامند ہے اور اقرار کرتا ہے کہ وہ مذکورہ بالا سروسز کے حوالے سے تمام چارجز (بینک کے شیڈول آف چارجز میں درج شدہ) کی دائیگی کرے گا اور بذریعہ ہٰذا بینک کو واضح طور پر اختیار دیتا ہے کہ وہ اسے اکاؤنٹ سے منہا کرلے یا بینک اکاؤنٹ میں اس رقم کی وصولی کے حوالے سے موزوں کریڈٹ بیلنس موجود نہ ہو تو بینک اسی کسٹمر کے سندھ بینک لمیٹڈ کی دیگر کسی برانچ میں چلائے جانے والے اکاؤنٹ سے اس رقم کو منہا کرلے۔

6. In case customer does not subscribe SMS Alert services, he/she will receive essential SMS as per regulatory requirement.

6۔ کسٹمر کی جانب سے ایس ایم ایس الرٹ سروس سبسکرائب نہ کئے جانے کی صورت میں، وہ انضباطی تقاضوں کے مطابق ضروری ایس ایم ایس وصول کرے گا/گی۔

## MISCELLANEOUS | متفرق

1. The Bank may at its sole discretion and from time to time implement new security identification and verification procedures for the Account holder to access Account activity.

1۔ بینک اپنی ذاتی صوابدید اور وقتاً فوقتاً لاگو کی جانے والی نئی سیکیورٹی شناخت اور وضع کردہ تصدیق کے نئے حفاظتی طریقہ کار کے تحت اکاؤنٹ میں طریقوں تک ہونے والے امور کے حوالے سے اکاؤنٹ ہولڈر کو رسائی دے سکتا ہے۔

2. The customer shall advise the Bank without delay any change in address and / or in other particulars.

2۔ کسٹمر، پتے اور/یا دیگر کوائف میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں بغیر کسی تاخیر بینک کو مطلع کرے گا۔

3. Deposits/withdrawals in respect of Account may be allowed at any of the Bank's Branches in Pakistan subject to production of customer's identification acceptable to the Bank and payment of charges levied by the Bank.

3۔ اکاؤنٹ کے حوالے سے پاکستان میں بینک کی کسی بھی برانچ میں رقم جمع کرانے اور نکالنے کی اجازت دی جاسکتی ہے، جو کہ کسٹمر کی بینک کے لیے قابل شناخت کی فراہمی اور بینک کی جانب سے عائد کردہ چارجز کی ادائیگی سے مشروط ہے۔

4. Rate of any profit/interest payable on deposits and Bank's charges may be displayed at its Branches which may be subject to change from time to time.

4۔ ڈپازٹس پر قابل ادائیگی منافع/سود کی شرح اور بینک کے چارجز، بینک کی برانچ میں نمایاں طور پر لگائے جاسکتے ہیں اور جو وقتاً فوقتاً تبدیلی سے مشروط ہوسکتے ہیں۔

5. Where customer requires the Bank to send Statement of Account or any other document by email, customer shall assume full responsibility in respect thereof and the Bank shall not be responsible or liable if it is accessed, forged or corrupted by any third party or unauthorized person, or garbled during transmission.

5۔ کسٹمر کو بینک کی طرف سے اکاؤنٹ کا گوشوارہ یا دیگر دستاویز کی بذریعہ ای میل مطلوب ہونے کی صورت میں، کسٹمر اس حوالے سے مکمل طور پر ذمہ داری قبول کرے گا اور کسی بھی تیسرے فریق یا غیر مجوزہ شخص کی جانب سے رسائی یا جعلسازی یا خراب کئے جانے یا دوران ترسیل خراب ہوجانے پر بینک، کسی بھی طرح سے ذمہ دار اور جواب دہ نہیں ہوگا۔

6. Customer hereby authorizes the Bank to respond, in its sole discretion and without any reference to customer, to any enquiry received from a Bank or any other competent authority or Government agencies concerning the Account including its balance. The Customer further authorizes the Bank to provide, without any reference to the customer, any information and/or dealings with Bank, to any credit rating or data collection agency under any arrangements between the member Banks of the rating or date collection agency.

6۔ کسٹمر بذریعہ ہٰذا بینک کو اختیار دیتا ہے کہ بینک یا دیگر مجاز حکام، سرکاری ایجنسیز کی جانب سے اکاؤنٹ بشمول اس کے بیلنس سے متعلق ہونے والی کسی بھی انکوائری کا جواب اپنی ذاتی صوابدید پر اور کسٹمر کے حوالہ کے بغیر دے سکتا ہے۔ کسٹمر بینک کو مزید اختیار دیتا ہے کہ وہ کسٹمر کو بتائے بغیر کسی بھی معلومات اور/ یا بینک کے ساتھ معاملات سے متعلق معلومات کسی بھی کریڈٹ ریٹنگ یا ڈیٹا کلیکشن ایجنسی کو ریٹنگ یا ڈیٹا کلیکشن کے رکن بینکوں کے مابین کسی بھی معاہدے کے تحت فراہم کرسکتا ہے۔

7. These Terms and Conditions may be revised or modified by the Bank from time to time, and shall be subject to the applicable laws of Pakistan, including all notifications, directives, circulars and regulations of State Bank of Pakistan. The revised or modified terms shall become effective within 30 days of advance notice given to the customer such notice shall be deemed to have been given if displayed at the counters of the Bank or posted on its website.

7۔ ان شرائط وضوابط کو بینک کی جانب سے وقتاً فوقتاً تبدیل کیا جاسکتا ہے، جو کہ پاکستان میں لاگو قوانین بشمول اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے تمام نوٹیفیکیشنز، ہدایات، مراسلہ جات اور قواعد سے مشروط ہوگا۔ ترمیم شدہ شرائط وضوابط کسٹمر کو دیئے جانے والے پیشگی نوٹس کے 30 دنوں کے اندر مؤثر ہوں گی اور بینک کے کاؤنٹرز پر یا ویب سائٹ پر لگائے جانے کے بعد اس طرح کے نوٹس کو کسٹمر کو ترسیل شدہ تصور کیا جائے گا۔

8. Customer hereby authorizes the Bank to verify the genuineness of his / her identity document through NADRA's verification services.

8۔ کسٹمر بذریعہ ہٰذا بینک کو اختیار دیتا ہے کہ وہ نادرا کی تصدیقی خدمات کے ذریعے اس کے دستاویزات کے اصل ہونے کی تصدیق کرسکتا ہے۔

9. Customer undertakes to abide by all the applicable laws, rules and regulations in order to prevent money laundering.

9۔ کسٹمر منی لانڈرنگ سے بچنے کے تمام لاگو قوانین، اصول اور قواعد کی پابندی کرنے کا اقرار کرتا ہے۔

10. Customer acknowledges by signing / affixing thumb impression on the Account Opening Form that he / she has read / read out to him/her, understood and agrees to be bound by these Terms and Conditions.

10۔ کسٹمر اکاؤنٹ کھولنے کے فارم پر اپنے دستخط کرکے/ انگوٹھے کا نشان ثبت کرکے یہ تسلیم کرتا ہے کہ اس نے ان شرائط وضوابط کو پڑھا، سمجھا اور ان کی پابندی کرنے کا اقرار کرتا ہے۔

11. Customer maintaining Photo Account shall affix thumb impression of both thumbs on the cheque/other documents, in presence of Bank officer who will not be liable for cuttings and / or alterations on cheques unless duly authenticated.

11۔ فوٹو اکاؤنٹ کے حامل کسٹمر چیک/ دیگر دستاویزات پر بینک کے افسر کے سامنے دنوں انگوٹھوں کے نشانات ثبت کرے گا اور چیک پر اس کی جانب سے کسی بھی تحریف یا تبدیلی کو تصدیق کے بغیر مستند قرار نہیں دیا جائے گا۔

12. The Account holder agrees and accepts that any change in their address contact details/employment and business details or constitution of the Account holder/depositor should be immediately communicated in writing to the Bank. The Post Office and other agents for delivery shall be considered agents of the Account holder(s)/depositor(s) for delivery of letters. remittances etc. No responsibility shall be accepted by the Bank for any delay, non- elivery, etc. in case of incorrect/irrelevant address.

12۔ اکاؤنٹ ہولڈر یہ اقرار اور قبول کرتا ہے کہ اس کے پتے، رابطے/ ملازمت اور کاروباری تفصیلات میں کسی بھی تبدیلی یا اکاؤنٹ ہولڈر/ ڈپازٹ کنندہ کے قیام کی صورت میں فوری اور تحریری طور پر بینک کو مطلع کرے گا۔ پوسٹ آفس اور ترسیل کے حوالے سے دیگر نمائندگان کو مراسلہ جات، ریمیٹنسز وغیرہ کی ترسیل کے لیے اکاؤنٹ ہولڈر/ ڈپازیٹر کا نمائندہ تصور کیا جائے گا۔ غلط/ غیر متعلقہ پتے کی صورت میں کسی بھی تاخیر، عدم ترسیل وغیرہ کے حوالے سے بینک کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرے گا۔

13. Interpretation of Terms and Conditions mentioned in Account Opening Form will be considered as final and binding. However, in case of any dispute, matter will be referred to State Bank of Pakistan and the decision of State Bank of Pakistan will be final and binding in that case.

13۔ اکاؤنٹ فارم میں درج شدہ شرائط وضوابط کی ترجمانی کو حتمی اور پابندی کا موجب تصور کیا جائے گا۔ تاہم کسی بھی تنازعہ کی صورت میں، معاملے کو اسٹیٹ بینک آف پاکستان کو ارسال کیا جائے گا اور اس معاملے میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان کا فیصلہ حتمی اور پابندی کا موجب ہوگا۔

## VISUALLY IMPAIRED / BLIND PERSONS | ضعف بصارت کے شکار/ نابینا افراد

1. A Visually Impaired/Blind can open Account including term deposits, either "Single" or "Joint" with any other person. For opening of a Joint Account, there is no restriction with regard to selection of person(s) as joint Account holder(s) as visually impaired/blind person may select person(s) who himself/herself is/themselves are visually impaired/blind.

1۔ ضعف بصارت کا شکار/ نابینا افراد اکاؤنٹ بشمول ٹرم ڈپازٹس، انفرادی یا مشترکہ طور پر دیگر کسی شخص کو شامل کرکے کھول سکتے ہیں۔ مشترکہ اکاؤنٹ کھولنے کے حوالے سے مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈر کے طور پر کسی شخص کے انتخاب کے حوالے سے کوئی پابندی نہیں ہے اور ضعف بصارت کا شکار/ نابینا کسی ایسے شخص/ اشخاص کا انتخاب کرسکتا ہے جو ذاتی طور پر خود بھی ضعف بصارت کا شکار/ نابینا ہو/ ہوں۔

2. In order to protect visually impaired/blind person from risks involved in operations and usage of products / services being offered, a visually impaired, blind person requires to offer duly signed Undertaking to meet specific requirements of such Account.

2۔ ضعف بصارت کا شکار/ نابینا شخص کو پیش کردہ پراڈکٹس/ سروسز کے عملی امور اور استعمال میں درپیش خدشات سے محفوظ رکھنے کے لیے ضعف بصارت کا شکار/ نابینا فرد سے اس اکاؤنٹ کے مخصوص تقاضوں کی تکمیل کے حوالے سے باضابطہ طور پر دستخط شدہ اقرار نامہ مطلوب ہوتا ہے۔

## VISUALLY IMPAIRED / BLIND PERSONS

3. An illiterate Visually impaired/Blind Person will be required to offer both right and left thumb impressions (duly witnessed and attested by the Branch Operations Manager or authorized bank officer) on the Account opening form and upon the specimen signatures card.

4. The illiterate Visually Impaired/Blind Person shall be allowed to operate bank Account personally in the presence of a witness who is personally known to the customer. In absence of any witness, it should be advised to him/her that the Bank will not be held responsible for any losses, claims, demands and consequences that may arise out of operation in the absence of witness, as per understanding to be obtained. The Branch will record the presence of the witness on the cheque/deposit-slip, as the case may be.

5. In case an illiterate visually impaired/blind person, the following restrictions shall be imposed on operations of Account.

   i. Physical presence for cash withdrawal preferably in presenceof a witness.
   ii. Self withdrawal only
   iii. Self cheque book requisition and its collection
   iv. Cheques cannot be issued in favor of any third party for payment over the counter or through clearing, etc.
   v. Non eligibility for issuance of ATM Debit card
   vi. Non eligible for internet banking
   vii. Physical presence for issuance of banking instrument or for online fund transfer transaction

6. In case of a literate visually impaired/blind person, the condition of presence of witness is not required after providing duly witnessed undertaking.

7. On the basis of undertaking there will be no restriction as prescribed for illiterate visually impaired/blind person. The literate visually Impaired/blind person is therefore allowed to:

   i. No restriction in respect of operations of Account to self-withdrawal only
   ii. Cheque book requisition and its collection as per usual procedure prescribed for Account holders
   iii. Use cheques as is being used by other Account holder.
   iv. Honor the cheques issued in favor of third party(ies)
   v. Eligibility for issuance of ATM Debit card
   vi. Eligible for Internet banking
   vii. Allow to get banking instruments issued through transfers from the Account
   viii. Allow to undertake transfer of fund/online transaction in the Account

## ضعف بصارت کا شکار/نابینا اشخاص

3۔ ایک غیر تعلیم یافتہ ضعف بصارت کا شکار/نابینا شخص سے اکاؤنٹ کھولنے کے فارم اور نمونہ دستخط کے کارڈ پر دونوں دائیں اور بائیں ہاتھ کے انگوٹھوں کے نشانات (برانچ آپریشن منیجر یا بینک کے مجاز افسر کی جانب سے باضابطہ طور پر مصدقہ اور تصدیق شدہ) مطلوب ہوں گے۔

4۔ غیر تعلیم یافتہ ضعف بصارت کا شکار/نابینا شخص کو کسی ایسے شخص کے سامنے گواہ کے طور پر اکاؤنٹ کھولنے کی اجازت دی جائے گی جسے وہ ضعف بصارت کا شکار/نابینا شخص/کسٹمر ذاتی طور پر جانتا ہو۔ کسی بھی گواہ کی غیر موجودگی میں اسے یہ مشورہ دیا جائے کہ گواہ کی عدم موجودگی میں اکاؤنٹ کے عملی امور میں ہونے والے کسی بھی نقصان، کلیم، ڈیمانڈز یا نتائج کا بینک قطعی طور پر ذمہ دار نہیں ہوگا۔ بینک چیک/ڈپازٹ رسید (جو بھی معاملہ ہو) پر گواہ کی موجودگی کو ریکارڈ کا حصہ بنائے گا۔

5۔ غیر تعلیم یافتہ ضعف بصارت کا شکار/نابینا شخص کی صورت میں اکاؤنٹ کے آپریشنز پر درج ذیل پابندیاں عائد کی جائیں گی:

(i) نقد رقوم نکالنے کے لیے کسٹمر کی مادی طور پر موجودگی ترجیحاً گواہ کے سامنے ہو۔
(ii) صرف ذاتی طور پر رقم نکالے
(iii) ذاتی طور پر چیک کی درخواست دے اور اسے وصول کرے
(iv) کاؤنٹر پر ادائیگی یا کلیئرنگ کے ذریعے کسی بھی تیسرے فریق کے حق میں چیک جاری نہیں کر سکتا ہے۔
(v) اے ٹی ایم ڈیبٹ کارڈ کے اجراء کے حوالے سے عدم اہلیت
(vi) انٹرنیٹ بینکنگ کے حوالے سے عدم اہلیت
(vii) بینکنگ دستاویزات یا آن لائن فنڈ کی منتقلی کی ٹرانزیکشن کے لیے ذاتی طور پر بینک میں حاضری

6۔ تعلیم یافتہ ضعف بصارت کا شکار/نابینا شخص کی صورت میں باضابطہ طور پر گواہ کے اقرار نامے کی فراہم کے بعد گواہ کی موجودگی کی شرط پر عمل درآمد مطلوب نہیں ہے۔

7۔ اقرار نامے کی بنیاد پر تعلیم یافتہ ضعف بصارت کا شکار/نابینا شخص کے حوالے سے مجوزہ کوئی پابندی نہیں ہوگی۔ اسی لیے تعلیم یافتہ ضعف بصارت کا شکار/نابینا شخص کو درج ذیل کی اجازت ہوگی:

(i) صرف ذاتی طور پر رقم نکالے جانے کی صورت میں اکاؤنٹ کے عملی امور کے حوالے سے کوئی پابندی نہیں۔
(ii) چیک بک کی درخواست اور اس کی وصولی اکاؤنٹ ہولڈرز کے لیے مجوزہ عمومی طریقہ کار کے مطابق۔
(iii) چیک کو دیگر اکاؤنٹ ہولڈرز کی طرح استعمال کرے
(iv) تیسرے فریق/فریقین کے حق میں جاری کردہ چیکس کی ادائیگی کی جا سکے گی
(v) اے ٹی ایم ڈیبٹ کارڈ کے اجراء کے حوالے سے اہل ہوں گے
(vi) انٹرنیٹ بینکنگ کے حوالے سے اہل ہوں گے
(vii) اکاؤنٹ سے ٹرانسفرز کے ذریعے بینکنگ دستاویزات کو حاصل کرنے کی اجازت ہے
(viii) اکاؤنٹ میں فنڈ کی منتقلی/آن لائن لین دین کی اجازت ہے

8. The visually impaired/blind Account holder, if desires, is allowed to appoint a person/persons as "Mandatee or Mandate Holder", to operate his/her Bank Account. This appointment will be duly witnessed by a person known to the concerned visually impaired person in the presence of the Branch Manager/Branch Operations Manager or any other official nominated by the Branch Manager or Branch Operations Manager, for the given purpose.

8۔ ضعف بصارت کا شکار/نابینا شخص، اگر چاہے تو اسے اپنی جگہ کسی شخص/اشخاص کو اس کے مختار کے طور پر اس کے بینک اکاؤنٹ کو چلانے کی اجازت دی گئی ہے۔ یہ تقرری باضابطہ طور پر ضعف بصارت کا شکار/نابینا شخص کی جانب سے شناسا گواہ جسے وہ ازخود جانتا ہو، برانچ منیجر/برانچ آپریشن منیجر یا برانچ منیجر یا برانچ آپریشن منیجر کی جانب سے نامزد دیگر افسران کی موجود میں عمل میں آئے گی۔

9. The visually impaired/blind Account holder is entitled to avail loan facility and locker operations with the assistance of any person of their choice to ensure that all their belongings have been safe in/out in the locker properly.

9۔ ضعف بصارت کا شکار/نابینا اکاؤنٹ ہولڈر اپنے انتخاب کے کسی بھی فرد کی معاونت کے ساتھ قرض اور لاکر کی سہولت حاصل کرنے کا اہل ہے تاکہ اسے اپنی چیزوں کے محفوظ اور لاکر کے درست طریقے سے استعمال کو یقینی بنایا جاسکے۔

10. The visually impaired/blind Account holder is entitled to avail branchless (mobile) banking facility after its availability for any other category of Account holders. The facility of Internet banking will only be provided to literate visually impaired/blind Account holders. Visually impaired/blind Account holders will visit Branch in person for updating Records/Status of Account for any standing instructions regarding Account Operations.

10۔ ضعف بصارت کا شکار/نابینا اکاؤنٹ ہولڈر، دیگر اکاؤنٹ ہولڈر کو برانچ لیس بینکنگ سہولت کی دستیابی پر اس سہولت کو حاصل کرنے کا اہل ہے۔ انٹرنیٹ بینکنگ کی یہ سہولت صرف تعلیم یافتہ ضعف بصارت کا شکار/نابینا اکاؤنٹ ہولڈرز کو فراہم کی جائے گی۔ ضعف بصارت کا شکار/نابینا اکاؤنٹ ہولڈرز اکاؤنٹ کے امور کے حوالے سے دیگر کسی امتناعی ہدایات کے ریکارڈ کو اپ ڈیٹ کرنے کے لیے ذاتی طور پر برانچ کا وزٹ کریں گے۔

11. In the event of death of visually impaired/blind Account holder operating singly, the Account operations will immediately be ceased and the entire credit balance will be paid to the legal heirs of the deceased Account holder, after observance of procedure as prescribed for Account holders. In the event of death of any Joint Account holder, the Account operations will be ceased and the entire credit balance will be paid to surviving Account holder(s). The surviving visually impaired/blind person will be allowed to open a new Account under the policy, either single or joint with any other person(s) of his/her choice.

11۔ انفرادی طور پر اکاؤنٹ چلانے والے ضعف بصارت کا شکار/نابینا اکاؤنٹ ہولڈر کی وفات ی صورت میں اکاؤنٹ کے امور کو فوری طور پر منجمد کردیا جائے گا اور اکاؤنٹ ہولڈرز کے لیے مجوزہ طریقہ کار اور ضابطے کی تکمیل کے بعد اکاؤنٹ میں موجود کریڈٹ بیلنس متوفی کے قانونی ورثاء کو ادا کردیا جائے گا۔ کسی بھی مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈر کی وفات کی صورت میں، اکاؤنٹ کے امور کو منجمد کردیا جائے گا اور تمام کریڈٹ بیلنس کو بچ جانے والے اکاؤنٹ ہولڈر(ز) کو ادا کردیا جائے گا۔ زندہ بچ جانے والے ضعف بصارت کا شکار/نابینا شخص کو پالیسی کے تحت انفرادی یا اپنے انتخاب کے مطابق دوسرے کسی شخص کے ساتھ بینک کی پالیسی کے مطابق نیا اکاؤنٹ کھولنے کی اجازت دی جائے گی۔

12. Only literate visually impaired / blind persons are entitled for Sindh Bank ATM Debit Card provided they offered undertaking.

12۔ صرف خواندہ ضعف بصارت کا شکار/نابینا شخص سندھ بینک اے ٹی ایم ڈیبٹ کارڈ کے لیے اہل ہیں۔ بشرطیکہ انہوں نے حلف نامہ پیش کردیا ہے۔

## ACCEPTANCE OF TERMS & CONDITIONS | شرائط وضوابط کی قبولیت

I/We confirm having read, understood, and received a copy of the Bank's Terms and Conditions governing the Account along with Account Opening Form, which has been signed by me / us in acceptance thereof. I/We agree to observe and be bound by the Terms and Conditions for Account and any changes, supplements or modifications thereto that may be made by the Bank from time to time.

میں/ہم تصدیق کرتا/کرتی ہوں/کرتے ہیں کہ میں/ہم نے اکاؤنٹ کی نگراں بینک کی شرائط وضوابط مع اکاؤنٹ کھولنے کے فارم کو بغور پڑھا، سمجھا اور اس کی ایک نقل وصول کی ہے نیز یہ کہ اس پر میں/ہم نے اپنی قبولیت کے حوالے سے دستخط کئے ہیں۔ میں/ہم اکاؤنٹ کے حوالے سے ان شرائط وضوابط اور بینک کی جانب سے اس میں وقتاً فوقتاً ہونے والی تبدیلی، اضافوں یا ترمیمات پر عمل کرنے اور پابند رہنے کا اقرار کرتا/کرتی ہوں/کرتے ہیں۔

| Applicant 1 درخواست گزار 1 | Applicant 2 درخواست گزار 2 | Applicant 3 درخواست گزار 3 | Applicant 4 درخواست گزار 4 |
| --- | --- | --- | --- |
| Name: نام: | Name: نام: | Name: نام: | Name: نام: |
| | | | |
| Signature دستخط | Signature دستخط | Signature دستخط | Signature دستخط |

Title of Account اکاؤنٹ بنام:

Account Number اکاؤنٹ نمبر: